
# ثانوی منتقلی منصوبہ بندی رہنما کتابچہ برائے معذور افراد

میری لینڈ ریاستی شعبہ تعلیم
ابتدائی شفاعت/خصوصی تعلیمی خدمات کا شعبہ




**منتقلی کا عمل شواہد پر مبنی طریقوں سے آگے بڑھتا ہے جو اسکول کے بعد کامیابی کی پیش گوئی کی حیثیت سے کام کرتا ہے۔**

DIVISION OF EARLY INTERVENTION AND SPECIAL EDUCATION SERVICES

MARYLAND STATE DEPARTMENT OF EDUCATION
EQUITY AND EXCELLENCE

2019 © میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم

یہ رہنما کتابچہ ابتدائی شفاعتی ڈویژن اور خصوصی تعلیمی خدمات کی معاون ریاستی سپرنٹنڈنٹ مرسیلا ای فرینسکوکی (Marcella E. Franczkowski) کی رہنمائی میں تیار کیا گیا ہے۔ اس رہنما کتابچہ میں مشتمل معلومات کی کوئی نقل تیار کرنے کی صورت میں ابتدائی شفاعتی ڈویژن اور خصوصی تعلیمی خدمات کا حوالہ دیں۔ کسی بھی ایسے استعمال کیلئے اجازت طلب کرنا ضروری ہے جو "منصفانہ استعمال" نہ ہو کیونکہ اس اصطلاح کو کاپی رائٹ قانون سمجھا گیا ہے، رابطہ کریں: میری لینڈ ریاستی شعبہ تعلیم، ابتدائی شفاعت اور خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن، 200 ویسٹ بالٹیمور اسٹریٹ، بالٹیمور، میری لینڈ 21201, 410-767-0249 صوتی۔

میری لینڈ ریاستی شعبہ تعلیم نسل، رنگ، جنس، عمر، قومی اصلیت، مذہب، معذوری، یا جنسی رجحان کی بنیاد پر ملازمت کو متاثر کرنے والے امور یا پروگرموں اور سرگرمیوں کی رسائی فراہم کرنے میں امتیاز نہیں برتتا ہے اور اور بوائے اسکاؤٹس اور تفویض کردہ نوجوانوں کی جماعتوں کو یکساں مواقع فراہم کرتا ہے۔ شعبہ کی پالیسی سے متعلق مزید معلومات کیلئے براہ کرم ایجنسی ایکوٹی افسر، ایکوٹی اشورنس اور کمپلائنس دفتر، ڈپٹی ریاستی سپرنٹنڈٹ برائے مالیات اور انتظامیہ کے دفتر، میری لینڈ ریاستی شعبہ تعلیم، 200 ویسٹ بالٹیمور اسٹریٹ، بالٹیمور، میری لینڈ 21201-2595, 410-767-0433 صوتی سے 410-767-0431 فیکس، TTY/TDD 410-333-6442 پر رابطہ کریں۔

کیرن بی سیلمن، پی ایچ ڈی
اسٹیٹ سپرنٹنڈنٹ آف اسکولس

بریگیڈیئر جنرل وارنر آئی سمپٹر، یوایس اے، ریٹائرڈ
صدر، میری لینڈ اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن

لیری ہوگان
گورنر

کیرول اے ولیمسن، شعبہ تعلیم
ڈپٹی اسٹیٹ سپرنٹنڈنٹ برائے تعلیم و تدریس ولرننگ

مرسیلا ایک فرینسکوسکی، ایم ایس
اسسٹنٹ اسٹیٹ سپرنٹنڈنٹ
ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

200 ویسٹ بالٹیمور اسٹریٹ
بالٹیمور، میری لینڈ 21201
MarylandPublicSchools.org

# اس رہنما کتابچہ کا استعمال کیسے کریں

میری لینڈ ریاستی شعبہ تعلیم کے ذریعہ **معذور افراد کیلئے تیار کردہ ثانوی منتقلی منصوبہ بندی رہنما کتابچہ** طلباء، والدین، سرپرست، معلمین اور کمیونٹی ایجنسیوں کو منتقلی کی کارروائی کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ حالانکہ ہر طالب علم کو منتقلی کے انفرادی اہداف اور نتائج بذات خود طے کرنے ہوں گے، یہ رہنما کتابچہ معذور افراد کے تعلیمی ایکٹ (IDEA) کے تحت منتقلی کےعمل کی تقاضوں نیز مثبت نتائج حاصل کرنے کیلئے مجوزہ حکمت عملی اور وسائل کے بارے میں "ابتدائی" معلومات فراہم کرتا ہے۔

یہ رہنما کتابچہ درج ذیل موضوعات کے بارے میں تفصیلات فراہم کرے گا:

- منتقلی کی منصوبہ بندی (IDEA کے مطابق ملازمت اور ثانوی درجہ کی تعلیم کے نتائج کا باعث ہوتا ہے)
- کردار اور شراکت داروں کی شمولیت
- میری لینڈ ہائی اسکول ڈپلوما اور میری لینڈ ہائی اسکول سرٹیفکیٹ پروگرام کی تکمیل کے تقاضے
- میری لینڈ کارکردگی کا لب لباب (سابقہ میری لینڈ ایگزٹ دستاویز)
- استحقاق بنام اہلیت
- اکثریت کی عمر
- میری لینڈ کے بالغ سے متعلق سروس ایجنسز

1. بازآبادکاری خدمات کا شعبہ (ڈی او آر ایس) (DORS)
2. ترقیاتی معذوری کا انتظام (ڈی ڈی اے) (DDA)
3. کرداری سازی صحت کا انتظامیہ (بی ایچ اے)
4. محکمہ محنت، لائسنس سازی اور ریگولیشن- افرادی قوت کی ترقی اور بالغوں کی تعلیم کا شعبہ (ڈی ایل آر)

- فوائد
- ثانوی تعلیم/ معذوری معاونتی خدمات کے بعد
- نقل و حمل/سفر کی ٹریننگ
- صحت کی نگہداشت
- کمیونٹی کی رسائی

1. تفریح/ فرصت کے لمحات
2. سرپرستی
3. سماجی تحفظ
4. مالی منصوبہ بندی/ خصوصی ضروریاتی ٹرسٹ/اسٹیٹ منصوبہ بندی

- منتقلی کاعمل: ایجنسی کا تعلق

ضمیمہ الف: مجوزہ اوقات
ضمیمہ ب: ثانوی تعلیم/معذوری معاونتی خدمات کے بعد کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات
ضمیمہ ج: مخصوص آبادی/وسائل
ضمیمہ د: کثرت سے مستعمل مخفف اور مشکل الفاظ

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

# منتقلی کی منصوبہ بندی کیا ہے؟

میری لینڈ ریاستی شعبہ تعلیم، ابتدائی شفاعت/خصوصی تعلیمی خدمات کے ذریعہ **معذور افراد کیلئے تیار کردہ ثانوی منتقلی منصوبہ بندی رہنما کتابچہ** معذور افراد کے اسکول سے ثانوی درجہ کے بعد کے نتائج پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ ثانوی منتقلی منصوبہ بندی کا بڑا جزو ترتیب وار منتقلی کی سرگرمیاں اور خدمات افراد کا مرکز بن گیا ہے اور منفرد تعلیمی پروگرام آئی ای پی (IEP) کو تحریک دیتی ہے۔ کامیابی کے ساتھ ہائی اسکول سے پاس ہونے والے طلباء کالج، کیریئر کی تیاری کرتے ہیں ایسے طبقے کیلئے ابتدائی منصوبہ بندی انتہائی اہم ہے۔ میری لینڈ، منتقلی منصوبہ بندی اور منتقلی کی خدمات کی ترسیل آئی ای پی (IEP) سال کے دوران ہی شروع ہوتی ہے جس میں طالب علم 14 سال کا ہوتا ہے۔

معذور افراد کا تعلیمی ایکٹ (IDEA) کہتا ہے کہ اس قانون کا مقصد "یہ یقینی بنانا ہے کہ ان تمام معذور افراد کو دستیاب مفت مناسب عوامی تعلیم فراہم ہو جو ان کی منفرد تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات پر زور دیتا ہو جس سے انہیں زیادہ سے زیادہ ملازمت اور آزادانہ زندگی کیلئے تیار کرے۔" قانون اس بات پر زور دیتا ہے کہ معلمین، والدین، اور کمیونٹی ایجنسیوں کو طلباء کے ثانوی تعلیم کے اہداف اور نتائج طے کرنے میں مدد فراہم کرنے کیلئے ایک ساتھ مل کر کام کرنے پر زور دیتا ہے۔ منتقلی کی خدمات طلباء کو ان کے ثانوی تعلیم کے اہداف طے کرنے کے واسطے ضروری ہنر کے حصول میں مدد فراہم کرنی چاہئے۔

IDEA 2004 معذور طالب علم کے واسطے ایک مربوط سرگرمیوں کے ایک مجموعے کے طور منتقلی خدمات کی وضاحت کرتا ہے جنہیں:

- نتائج پر مبنی عمل کے اندر رہنے کے لحاظ سے تیار کیا گیا ہے، انہیں اسکول سے اسکول کے بعد کی سرگرمیوں بشمول ثانوی کے بعد کی تعلیم؛ پیشہ ورانہ تعلیم؛ مربوط ملازمت؛ مستقل اور بلوغت کی تعلیم؛ بلوغت سے جڑے امور کی خدمات؛ آزاد رہائش یا کمیونٹی میں شراکت کیلئے نقل و حرکت میں سہولیات فراہم کرنے کیلئے تعلیمی اور تعاملی حصول میں بہتری پر توجہ مرکوز کی گئی ہ
- منفرد لوگوں کی ضروریات پر مبنی ہیں، ان کی مضبوطی، ترجیحات، اور دلچسپیوں کا خیال رکھتے ہوئے؛ اور؛
- ہدایت، متعلقہ خدمات، کمیونٹی کے تجربات، ملازمت کی ترقی اور اسکول کے بعد کی دیگر ایڈلٹ لیونگ اغراض و مقاصد اور اور جب مناسب ہو تو روز مرہ کی مہارت کا حصول اور عملی پیشہ ورانہ تشخیص کو شامل کرنے کے لحاظ سے تیار کیا گیا ہے۔

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

# منتقلی کی منصوبہ بندی

منتقلی کی منصوبہ بندی کا مقصد معذور طلباء کے اسکول کے بعد آگے بڑھنے اور بلوغت کی دنیا کی تیاری میں ان کی مدد کرنا ہے۔ اس میں کالج، کام، نقل و حمل، رہائش کا انتظام، صحت کی نگہداشت، اور روز مرہ کی زندگی کیلئے منصوبہ بندی شامل ہے۔ بلوغتی سرگرمیوں میں درج ذیل مجموعہ میں سے کوئی بھی ہوسکتی ہے:

- خود ساختہ تعین اور تائید
- کمیونٹی میں شرکت
- مابعد ثانوی تعلیم
- ملازمت کی ٹریننگ
- مسابقتی ملازمت
- آزاد رہائش
- بلوغتی امور سے جڑی خدمات سے متعلق رابطے

طلباء کے مستقبل کیلئے منتقلی کی منصوبہ بندی کیریئر سے جڑی بیداری اور دریافتگی سرگرمیوں کے ساتھ ہی ابتدائی اسکول میں ہی شروع ہوجاتی ہے۔ رسمی طور پر منتقلی کی منصوبہ بندی آئی ای پی (IEP) کی کارروائی کے ذریعہ شروع ہوتی ہے جب طالب علم 14 سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے اور آئی ای پی (IEP) کی ترقی کو تحریک دیتا ہے۔ والدین اور معلمین کی مدد سے طلباء ملازمت، مابعد ثانوی تعلیم یا ملازمت کے تربیتی شعبے اور اپنی حالات کی مناسبت سے آزاد رہائش کے شعبے میں ثانوی کے بعد کے اہداف کی شناخت کرتے ہیں۔ ثانوی کے بعد کے یہ اہداف عمر کی مناسبت سے منتقلی کے جائزوں کے نتائج پر منحصر ہوتے ہیں۔

**منتقلی کے منصوبہ کی ضرورت کیوں ہے؟**

منتقلی کا منصوبہ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے تیار کیا گیا ہے کہ طالب علم کو ضروری مہارتیں اور خدمات فراہم کی جائیں تاکہ اسکول سے بلوغت کی زندگی میں منتقلی کو ہموار بنایا جائے۔ آئی ای پی (IEP) والے طلباء کیلئے سرکاری اسکولی نظام اور غیر سرکاری اسکولی نظام تعلیمی مدد فراہم کرتا ہے جس میں معاونتی ٹیکنالوجی، ملازمت کی ٹریننگ، ذاتی مدد اور آئی ای پی (IEP) ٹیم کے ذریعہ مناسب سمجھی جانے والی دیگر امداد بھی شامل کی جا سکتی ہیں۔ جب طلباء ہائی اسکول سے نکلتے ہیں، یہ امداد خود ساختہ طور پر فراہم <u>نہیں</u> کی جاتی ہیں، بھلے ہی وہ اسکول کے نصاب میں دستیاب ہی کیوں نہ رہے ہوں۔ (اہلیت اور استحقاق کا سیکشن ملاحظہ کریں)۔

## منتقلی کی منصوبہ بندی میں کیا شامل ہے؟

منتقلی منصوبہ بندی کی کارروائی اس وقت شروع ہوتی ہےجب آئی ای پی (IEP) کی شناخت والے طلباء گریجویشن کے بعد کیا کریں گے اور اپنی ہنر، ٹریننگ، تعلیم، اور/یا ان اہداف کو پورا کرنے کیلئے ضروری وسائل پر غور کرتے ہیں:

- مناسب بالغ سروس ایجنسیوں کی شناخت کرنا اور اطلاق کرنا۔
- مستقبل میں کالج، آجروں، یا سروس فراہم کنندگان کیلئے ضروری دستاویزات جمع کرنا۔
- ٹریننگ منتقلی سرگرمیوں کا تعین کرنا اور مناسب حد تک ضروری مدد کرنا
- طلباء کو ان کے اہداف تک پہنچنے کے قابل بنانا۔

## منتقلی کیلئے منصوبہ بندی کب شروع ہوتی ہے؟

منتقلی کی منصوبہ بندی طالب علم کے 14 کی عمر پہنچ جانے کے بعد شروع ہوتی ہے، اس سے پہلے نہیں۔ اس وقت رسمی طور پر منتقلی کا منصوبہ جس میں طالب علم کے ثانوی کے بعد کے اہداف ہونے چاہئیں، اور منتقلی خدمات ترقی پذیر ہونی چاہئیں اور اس کو آئی ای پی (IEP) میں شامل کیا جانی چاہئیں۔ ہو سکتا ہے یہ کافی پہلے لگے، لیکن احتیاط کے ساتھ منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے، اگر طالب علم ضروری مہارت اور تجربے حاصل کرلیتا ہے تو انہیں ان کو ثانوی تعلیم کے بعد کا ہدف طے کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ابتدائی منتقلی منصوبہ بندی 14 سال کی عمر میں طالب علم ثانوی تعلیم کے بعد اپنی پسند کا ہدف دریافت کرنے اور ترمیم کرنے یا ان میں منتقلی کے تجربات کی بنیاد پر تبدیلی کرنے اور حاصل کردہ علوم میں مدد کرتی ہے۔ اسے ثانوی تعلیم کے بعد کی

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

خدمات کے واسطے اطلاق کرنے کا کافی وقت بھی مل جاتا ہے جو ان چیزوں میں مدد کرتی ہیں جیسے: کالج میں اکیڈمک سپورٹ، نوکری کوچنگ، ذاتی نگہداشت میں مدد، رعایتی ہاوسنگ، یا دیگر بلوغتی خدمات۔

## کردار اور شراکت داروں کی شمولیت

ثانوی تعلیم کے بعد کے اہداف کی شناخت کی طرح ہی متعدد اسٹیک ہولڈرز اہمیت کے حامل ہوتے ہیں جو منتقلی کی کارروائی میں مدد کرتے ہیں اور طالب علم کو ان کے شناخت شدہ اہداف کے حصول میں مدد کرتے ہیں۔ اسٹیک ہولڈرز مختلف کردار اور ذمہ داریوں کے ساتھ منتقلی کی منصوبہ بندی کی میز پر آتے ہیں۔ یہ مقامی اسکولی نظام کی مناسبت سے مختلف قسم کے ہو سکتے ہیں۔

| شراکت دار | کردار/ذمہ داریاں |
|---|---|
| **طالب علم** | ○ منتقلی کی منصوبہ بندی میں شرکت کرتے ہیں<br>○ مضبوطی اور چیلنجز کو شناخت کرتے ہیں<br>○ دلچسپی اور ترجیحات کا اظہار کرتے ہیں<br>○ ثانوی تعلیم کے بعد کے اہداف کی شناخت کرتے ہیں<br>○ آئی ای پی (IEP) میں شناخت شدہ منتقلی کی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں |
| **والدین/سرپرست** | ○ آئی ای پی (IEP) اور منتقلی ٹیم منصوبہ بندی اجلاس میں شریک ہوتے ہیں<br>○ طالب علم کی مضبوطی، دلسچپی اور آئی ای پی (IEP) ٹیم کے ساتھ ضروری مدد شیئر کرتے ہیں<br>○ طالب علم کو دیگر منتقلی شراکت داروں کی رسائی میں مدد کرتے ہیں<br>○ طالب علم کے اہداف کی وکالت کرتے ہیں<br>○ ممکنہ نوکری کے مواقع کیلئے رابطے اور نیٹ ورکس کا اشتراک کرتے ہیں<br>○ منتقلی شراکت داروں کے ساتھ آراء فراہم کرتے ہیں<br>○ منتقلی کا مقررہ وقت کا جائزہ لیتے ہیں اور طالب علم کیلئے ضروری مدد طلب کرتے ہیں |
| **اسکولی نظام** | ○ ریاست اور کمیونٹی ایجنسیوں کے ساتھ مواصلات کرنے کیلئے والدین/سرپرست کو اجازت دلاتے ہیں<br>○ منتقلی کے بارے میں بات چیت کے دوران آئی ای پی (IEP) ٹیم میٹنگ میں شراکت داروں کو بلاتی ہے<br>○ ریاستی ایجنسیوں جیسے بازیابی خدمات کا شعبہ (ڈی او آر ایس) (DORS)، ترقیاتی معذوری انتظامیہ (ڈی ڈی اے) (DDA)، اور کردار سازی صحت انتظام (بی ایچ اے) کی طرف سے ثانوی تعلیم کے بعد کی خدمات کیلئے اپلائی کرنے میں والدین/سرپرستوں کی مدد کرتی ہے<br>○ اگر طالب علم کے آئی ای پی (IEP) میں اشارہ کیا جائے تو حقیقی کام کے ماحولیات میں ہدایت اور کام کا تجربہ فراہم کرتی ہے<br>○ ڈی او آر ایس کے ساتھ باہمی طور پر مل کر کام کرتی ہے یہ یقینی بنانے کیلئے کہ اہل طلباء اور ممکنہ طور پر اہل طلباء کی شناخت ہوجائے اور پری امپلائمنٹ ٹرانزشن سروسز (Pre-ETS) موصول کرے<br>○ منتقلی منصوبہ بندی کے نظریے اور اسکولی نظام سے نکلنے پر طلباء کو ممکنہ طور پرخدمات فراہم کرنے والی ریاستی ایجنسیوں میں ایپلی کیشن پروسیس/ کے تعلق سے والدین کیلئے میٹنگ کی معلومات فراہم کرتی ہے<br>○ نکلنے کے بعد دستاویز تیار کرتی ہے اور طالب علم کی پیش رفت رپورٹ اور اسٹیٹس تیار کرتی ہے |
| **باز آبادکاری خدمات کا میری لینڈ ڈویژن ڈی او آر ایس (DORS)** | ○ جب بھی ممکن ہوتا ہے منتقلی منصوبہ بندی اجلاس/آئی ای پی (IEP) اجلاس میں شرکت کرتا ہے<br>○ منفرد منصوبہ برائے ملازمت آئی پی ای (IEP) ڈولپ کرنے کیلئے اپنے ہائی اسکول کے آخری سال میں اہل طلباء کے ساتھ مل کام کرنا شروع کرتا ہے<br>○ ثانوی تعلیم کے بعد اور/یا ملازمت میں کامیاب منتقلی کیلئے ضروری خدمات کی شناخت کرتا ہے<br>○ نوکری اور ملازمتی خدمات میں ترقی میں طلباء کی مدد کرنے کیلئے کمیونٹی بازیابی فراہم کنندگان سی آر پیز) (CRPs) کے کانٹریکٹ کرتا ہے<br>○ نوکری دریافتگی مشاورت، کام پر مبنی سیکھنے کے تجربے، خود وکالت میں ہدایات، ثانوی |

| | |
|---|---|
| | تعلیم کے بعد مواقع کی دریافت کیلئے مشاورت، اور کام کی جگہ کی تیاری کی ٹریننگ کے شعبوں میں ہائی اسکول کے اہل طلباء عمر 22-14 تک کیلئے ملازمت سے قبل تربیتی خدمات فراہم کرتا ہے |

| **شراکت دار** | **کردار/ذمہ داریاں** |
|---|---|
| **میری لینڈ ارتقائی معذوری انتظامیہ ڈی ڈی اے (DDA)** | ○ منتقلی کی منصوبہ بندی میں حصہ لیتی ہے<br>○ دوسرے منتقلی شراکت داروں کے ساتھ باہمی طور پر تعاون کرتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ طلبا کے پاس خدمات کے اہل ہونے اور اس کی رسائی کیلئے مناسب دستاویزات موجود ہیں<br>○ اسکول سے باہر نکلنے پر اہل منفرد لوگوں کیلئے طویل مدتی فنڈنگ فراہم کرتی ہے<br>○ اسکول سے بلوغت کی زندگی میں منتقل ہونے میں مدد کرنے کیلئے کوآرڈی نیٹر آف کمیونٹی سروسز سی سی ایس (CCS) کے ساتھ کانٹریکٹ کرتی ہے |
| **بلوغتی خدمت فراہم کنندگان، کمیونٹی باز آباد کاری فراہم کنندگان سی آر پی (CRPs)** | ○ منتقلی کی منصوبہ بندی میں حصہ لیتے ہیں<br>○ اسکولی نظام اور ڈی او آر ایس کے ساتھ میعادی معاہدے میں داخل ہوتے ہیں تاکہ کام پرمبنی تجربے فراہم کریں اور اسکول سے قبل اور اسکول سے نکلنے کے بعد جاب ڈولپمینٹ اور جاب کوچنگ فراہم کریں<br>○ ڈی او آر ایس اور ڈی ڈی اے گاہکوں کو ہائی اسکول سے نکلنے کے بعد جاب ڈولپمینٹ اور کوچنگ فراہم کرنے کیلئے خدمات اور تعاون فراہم کرتے ہیں |
| **کالجز، ثانوی تعلیم کے بعد ٹریننگ پروگرامس** | ○ طلباء کے ساتھ کالج کیمپس میں معذوری معاونتی خدمات کی مدد سے رہائش اور مدد کی ضروریات کی نشاندہی کرنے کے عمل میں شامل ہوتے ہیں<br>○ کیمس کی سرگرمیوں،نصابوں، اور ملازمت میں شامل ہونے کیلئے مدد اور رسائی فراہم کرتے ہیں |

# میری لینڈ ہائی اسکول ڈپلوما اور میری لینڈ ہائی اسکول سرٹیفکیٹ آف پروگرام کی تکمیل کے تقاضے

## میری لینڈ ہائی اسکول ڈپلوما (ملاحظہ کریں کومر*13A.03.02.09*)

- میری لینڈ ہائی اسکول ڈپلوما ان طلباء کو دیا جائے گا جو:

الف۔ اندراج، کریڈٹ، اور خدمات کے تقاضے مکمل کرتا ہے۔

ب۔ مقامی اسکولی نظام اضافی کریڈٹ تقاضے شامل کر سکتا ہے یا طلباء کیلئے رعایت کے طور پر توثیق شامل کر سکتا ہے تاکہ طلباء ریاست کے ذریعہ مخصوص کردہ اقل ترین تقاضوں کے علاوہ مقامی تقاضوں کو پورا کر سکیں۔

- مزید معلومات کیلئے ملاحظہ کریں:

http://www.marylandpublicschools.org/programs/Documents/Testing/GraduationsRequirements2018.pdf

## میری لینڈ ہائی اسکول سرٹیفکیٹ پروگرام کی تکمیل (کومر*13A.03.02.09* ملاحظہ کریں)

- میری لینڈ ہائی اسکول سرٹیفکیٹ پروگرام کی تکمیلی سند صرف ان طلباء کو دی جائے گی جو معذور ہیں اور ڈپلوما کے تقاضوں کو پورا نہیں کر سکتے لیکن درج ذیل معیار پر پورے اترتے ہیں:

الف۔ گریڈ 8 یا اپنی عمر کے مساوی کے علاوہ کم سے کم 4 سالوں سے طالب علم کا داخلہ ایک تعلیمی پروگرام میں ہو، اور آئی ای پی (***IEP***) ٹیم نے تعین کیا ہو، معذور طالب علم کے والدین کے معاہدے کے ساتھ کام کی دنیا میں انفرادی طور پر داخل ہونے کیلئے مناسب مہارت پیدا کرلی ہو، ایک ذمہ داری شہری کے طور پر برتاؤ کرتا ہو، اور زندگی کے لوازمات کو پورا کرتا ہو، جس میں شامل ہے لیکن بلا تحدید:

- سودمند ملازمت؛
- ثانوی تعلیم اور ٹریننگ کے بعد؛
- تعاون شدہ ملازمت؛ اور
- دیگر خدمات جو کمیونٹی میں باہم مربوط ہوں؛ یا

ب۔ گریڈ 8 یا اپنی عمر کے مساوی کے علاوہ کم سے کم 4 سالوں سے طالب علم کا داخلہ ایک تعلیمی پروگرام میں ہو اور اگلے اسکولی سال کے پہلے دن سے قبل 21 سال کی عمر کو پہنچ گیا ہو۔

- میری لینڈ سمری آف پرفارمنس جو طالب علم کا ہنر بتاتا ہے وہ میری لینڈ ہائی اسکول سرٹیفکیٹ پروگرام کی تکمیل کے ساتھ ہوگا۔

- معذور طالب علم کو میری لینڈ ہائی اسکول سرٹیفکیٹ پروگرام کی تکمیل کا سند دینے کا آخری فیصلہ اس وقت تک نہیں لیا جائے گا جب تک کہ ہائی اسکول میں طالب علم کا آخری سال شروع نہ ہوجائے۔

- ایک طاب علم جس میں اہم ادراکی معذوری ہو وہ ہائی اسکول گریجویشن تقاضوں کو پورا نہیں کر سکتا ہے اگر ایک طالب علم:

الف۔ متبادل تعلیمی حصولیابی معیارات پر مبنی (AA-AAAS) متبادل تشخیص میں شرکت کرتا ہے؛ اورب۔ ہائی اسکول کے ذریعہ متبادل تعلیمی حصولیابی معیارات پر مبنی ہدایات موصول کرنا جاری رکھتا ہے۔

- اگر طالب علم طلباء کے تعلیمی پروگرام کی تکمیل سے قبل گریجویشن تقریب میں شرکت کرتا ہے، تو تقریب میں اسکولی نظام طالب علم کو ڈپلوما کی جگہ حصولیابی کی سند یا اس کے مماثل دیگر نام سے سند فراہم کرے گی۔ (COMAR 13A.03.02.09E(3))

## میری لینڈ سمری آف پرفارمنس ایم ایس او پی (*MSOP*)

میری لینڈ طلباء کو اسکول سے اسکول کے بعد کی سرگرمیوں میں منتقلی سے پہلے آئی ای پی (*IEP*) کے ساتھ میری لینڈ سمری آف پرفارمنس ایم ایس او پی (*MSOP*) فراہم کرتا ہے۔ منفرد معذوروں کیلئے تعلیمی ایکٹ 2004 کی مختار نو کےتحت ایم ایس او پی ضروری ہے۔ میری لینڈ میں یہ دستاویز آئی ایم پی (*IEP*) والے تمام طلباء کو ان کے میری لینڈ ہائی اسکول ڈپلوما یا میری لینڈ ہائی اسکول سند پروگرام کی تکمیل سے نکلنے سے قبل دیا جاتا ہے (ملاحظہ کریں COMAR 13A.03.02.09E (2))۔

## میری لینڈ سمری آف پرفارمنس ایم ایس او پی (*MSOP*) اہم کیوں ہے؟

میری لینڈ سمری آف پرفارمنس آئی ای پی (IEP) سے نکلنے والے طلباء کو اہم معلومات فراہم کرتی ہے جس کا استعمال وہ اسکول سے ثانوی کے بعد کی سرگرمیوں میں منتقل ہوتے وقت کرسکتے ہیں۔ ان سرگرمیوں میں ملازمت، مابعد ثانوی تعلیم، تعاون کردہ ملازمت، یا کمیونٹی باز آباد کاری فراہم کنندگان کے ذریعہ فراہم کردہ آزاد رہائش شامل کی جا سکتی ہیں۔ ایم ایس او پی (*MSOP*) طالب علم کی آئی ای پی (IEP) کے جزو کے طور پر پیدا کی جائے گی، اور یہ معلومات طالب علم، فیملی، اور آئی ای پی (IEP) ٹیم کی طرف سے حاصل کردہ انپٹ کے بنیاد پر اکٹھا کی جاتی ہے۔

ایم ایس او پی (*MSOP*) ممکنہ آجروں، ثانوی کے بعد کے تعلیمی اداروں، اور بلوغتی خدمات فراہم کنندگان کو بالغ نوجوان کے مہارت، مضبوطی، اور کامیاب ہونے کیلئے ان کو درکار کسی طرح کی مدد سے جڑی معنی خیز معلومات فراہم کر سکتا ہے۔ یہاں میری لینڈ سمری آف پرفارمنس کے چار جزو ہیں۔ ہر ایک جزو کی ذیل میں فہرست سازی کی گئی ہے۔

جزو 1- پس منظر کی معلومات
جزو 2- طالب علم کا ثانوی کے بعد کے اہداف
جزو 3- سمری آف پرفارمنس (تعلیمی، ادراکی، اور تعاملی سطح)
جزو 4- ثانوی کے بعد کے اہداف کی تکمیل کیلئے تجاویز

# استحقاق بنام اہلیت

سرکاری تعلیم کے استحقاق اور بلوغتی خدمات کی اہلیت کے درمیان واقع فرق کو سمجھنا انتہائی پیچیدہ ہو سکتا ہے۔ میری لینڈ میں ایسے معذور بالغ نوجوان جنہیں خصوصی تعلیمی خدمات مل رہی ہے وہ اپنی عمر کے 21 سال تک اسکولی سالوں میں مفت، موزوں، سرکاری تعلیم یا میری لینڈ ہائی اسکول ڈپلوما کے تقاضوں کو پورا کرنے یا میری لینڈ ہائی اسکول سرٹیفکیٹ پروگرام کی تکمیل کے حق دار ہیں۔ یہ خدمات منفرد تعلیمی پروگرام آئی ای پی (IEP) والے طلباء کیلئے آئی ای پی (IEP) ٹیم کے تعین کردہ پیمانے کے مطابق تیار کی گئی ہیں اور اس کو فنڈ مقامی اسکولی انتظامیہ دیتی ہے۔ جو طالب علم میری لینڈ ہائی اسکول ڈپلوما یا میری لینڈ ہائی اسکول سند پروگرام کی تکمیل کے ساتھ اسکول سے نکلتا ہے وہ ان خدمات کا حق دار نہیں ہے۔ اس وقت بلوغتی امور کی خدمات کیلئے درخواست دیتے وقت یہ دیکھ لینا چاہئے کہ آیا وہ اس کو موصول کرنے کے اہل ہیں یا نہیں۔ اہلیتی زمرہ پورا کرنے کیلئے بلوغتی سروس ایجنسیوں (جیسے ڈی او آر ایس، ڈی ڈی اے، اور بی ایچ اے) (,DORS, DDA اور BHA) خدمات موصول کرنے کیلئے فنڈنگ کا دستیاب ہونا ضروری ہے۔ ذیل میں موجود چارٹ ملاحظہ کریں۔

| **استحقاق**<br>**اسکول میں داخلہ کے وقت** | **اہلیت (اے ڈی اے (ADA) اور سیکشن 504)**<br>**اسکول سے نکلنے کے بعد یا 21 سال پر** |
|---|---|
| منفرد معذور کیلئے تعلیمی ایکٹ آئی ڈی ای اے (IDEA) ایک "استحقاق" کا قانون ہے جس کا مقصد معذور طلباء کو مفت، مناسب ابتدائی اور ثانوی تعلیم کی ضمانت دینا ہے۔ | معذور امریکیوں کیلئے ایکٹ اے ڈی اے (ADA) کی رسائی ہونے والی ہے۔ سیکشن 504 اور اے ڈی اے (ADA) کا ہدف رکاوٹوں کو دور کرنا اور مناسب رہائش کی ضمانت دینا ہے۔ معذور افراد رابطہ کا واحد مقام بن جاتے ہیں والدین یا اہل خانہ نہیں۔ |
| • مفت، مناسب سرکاری تعلیم ایف اے پی ای (FAPE)<br>• کم سے کم پابندی والے ماحول (ایل آر ای) (LRE)<br>• خصوصی طور پر تیار کردہ ہدایات (ایس ڈی آئی) (SDI)<br>• متعلقہ خدمات<br>• مزید تعلیم، روزگار، اور آزاد رہائش کی تیاری<br>• خدمات کا استحقاق جو طلباء کو اسکول میں کامیاب ہونے میں مدد کریں گے<br>• اسکولی نظام کے ذریعہ حاصل کردہ خدمات | • ثانوی خدمات کیلئے اہلیت کی ضمانت نہیں ہے<br>• انفرادی طور پر خدمات کیلئے کولیفائی کرنا چاہئے<br>• فنڈنگ اور دستیابی پر خدمات منحصر کرتی ہے<br>• صرف ثانوی کے بعد کی خدمات کو یقینی بناتی ہیں<br>• ہر ایک فرد مساوی رسائی فراہم کرتی ہے<br>• منفرد/والدین/سرپرست پر خدمات حاصل کرنے کی ذمہ داری<br>• خدمات فراہم کی جا سکتی ہیں اگر کافی تعداد میں عملہ ، سہولت کی گنجائش، اور/ یا خدمات مہیا کرنے کیلئے فنڈز دستیاب ہوں<br>• رہائش حاصل کرنے کیلئے ضروری خود ساختہ وکالت |

## بڑے ہونے کی عمر

بڑے ہونے کی عمر قانونی طور پر وضع کردہ عمر ہے جس عمر میں ایک شخص کو بالغ سمجھا جاتا ہے، جس کے ساتھ بلوغت کے تمام حقوق اور جواب دہی عائد ہوتی ہے۔ جب بڑے ہونے کی عمر کے الفاظ کا استعمال کیا جاتا ہے تو عام طور پر اس سے مراد وہ لمحہ ہوتا ہے جب ایک نوجوان اس عمر کو پہنچتا ہے جہاں ایک شخص کو بالغ ہونا تصور کیا جاتا ہے۔ میری لینڈ میں یہ عمر 18 سال ہے۔ 18 سال کی عمر کو پہنچنے سے کم سے کم ایک سال قبل آئی ڈی ای اے (***IDEA***) کے تحت اس شخص کو ان کے حقوق سے آگاہ کر دینا چاہئے۔ میری لینڈ میں محدود حالات کے سواء تعلیمی فیصلہ معذور طالب علم کے بڑے ہونے کی عمر میں خود ساختہ طور پر منتقلی نہیں ہوتی ہے - (تعلیمی آرٹیکل 412.1-8§، میری لینڈ کا مشرح کوڈ ملاحظہ کریں)۔

## میری لینڈ اسٹیٹ اڈلٹ (بالغ) سروس ایجنسیاں

درج ذیل سیکشن میں چار ریاستی ایجنسیوں کا ذکر کیا گیا ہے جو اہل اشخاص کو تعاون اور خدمات فراہم کرسکتی ہیں۔ منفرد اشخاص کیلئے ضروری ہے کہ وہ ہر ایک ایجنسی کی اہلیتی زمرہ کو پورا کریں۔ چار ریاستی ایجنسیوں کا مختصر لب لباب اور ان کی اہلیتی زمرہ ذیل میں فراہم کی جا رہی ہے:

## میری لینڈ اسٹیٹ اڈلٹ (بالغ) سروسز ایجنسیاں: ڈی او آر ایس (DORS)

| ایجنسی کا نام اور تفصیل | ایجنسی سے متعلق معلومات |
|---|---|
| **باز آباد کاری خدمات کا شعبہ (ڈی او آر ایس) (DORS)** | http://www.dors.maryland.gov/ |
| **یہ ایجنسی کیا کرتی ہے؟** میری لینڈ باز آباد کاری خدمات (ڈی او آر ایس) (**DORS**) کا شعبہ ملازمت سے متعلق ہے۔ اگر آپ کام کرنا چاہتے ہیں تو ڈی او آر ایس آپ کی مدد کرے گا! ڈی او آر ایس (DORS) ہائی اسکول کے طلباء، کالج طلباء اور کام کی تیاری کیلئے دیگر منظوری شدہ پروگرامس سے جڑے طلباء کی مدد کرتی ہے۔ ڈی او آر ایس (DORS) معذور لوگوں کو ملازمت حاصل کرنے میں مدد کرتی ہے۔ اگر آپ معذور ہیں اور آپ کیلئے کام کو برقرار رکھنا یا نوکری پانا مشکل ہے تو ڈی او آر ایس (DORS) آپ کی مدد کر سکتی ہے۔<br>ڈی او آرایس (DORS) معذور افراد کو ملازمت کی تیاری کیلئے دو مخصوص پروگرام کی پیشکش کرتی ہے:<br>• کم سے کم 14 سالہ طلباء، جو کم سے کم ہائی اسکول میں ہو اور 21 سال سے زیادہ عمر نہ ہو کیلئے ملازمت سے قبل منتقلی کی خدمات۔ مزید معلومات کیلئے ملاحظہ کریں: http://dors.maryland.gov/Brochures/Pre-ETS_Fact_Sheet.pdf.<br>• ہائی اسکول کے طلباء کیلئے اگلے سال سے ہائی اسکول کے آخری سال تک اوراسکول پاس آوٹ نوجوان کیلئے پیشہ ورانہ باز آباد کاری خدمت کیلئے اہل طلباء ملازمت سے قبل منتقلی خدمات کےعلاوہ اضافی پیشہ ورانہ باز آباد کاری خدمات کیلئے اہل ہیں۔<br><br>ڈی او آر ایس نے میری لینڈ کے ہر ایک سرکاری اسکول میں ایک منتقلی صلاح کار تعینات کر رکھے ہیں اور خاص طور پر انتہائی معذور طلباء کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں اور انہیں ملازمت کیلئے تیار کرتے ہیں۔ ڈی او آرایس منتقلی صلاح کار خدمات کا نظم کرنے اور فراہم کرنے دونوں کیلئے (جیسے کیریئر کونسلنگ اور فیصلہ سازی، معاونتی ٹیکنالوجی، ثانوی تعلیم کے بعد کی مدد، نوکری تلاش کرنے کی خدمات، اور جاب کوچنگ خدمات) اسکول کے آخری دو سالوں کے دوران اہل طلباء کے ساتھ مل کام کرتے ہیں تاکہ انہیں اسکول سے ثانوی تعلیم کے بعد یا ملازمت میں ہموار طریقے سے منتقلی کو یقینی بنانے میں مدد فراہم کر سکیں۔<br><br>**درخواست کب دینی ہے:** اپنے ہائی اسکول کے سال اول کی ابتداء میں ڈی او آر ایس اسٹوڈنٹ سروس سے یقینی طور پر جڑیں اور اپنے ہائی اسکول کے آخری دو سالوں میں اضافی خدمات کیلئے درخواست دیں۔ کوالیفائی کرنے والے طلباء کی عمر 14 سال ہونی چاہئے جب وہ کم سے کم ہائی اسکول میں ہوں پری-امپلائمنٹ ٹرانزشن سروس کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔ اہل پائے جانے پر طالب علم نہیں سمجھے جانے کے باجود پیشہ ورانہ بازآباد کاری خدمات منفرد اشخاص کیلئے بھی دستیاب ہوسکتی ہے۔ ہائی اسکول کے آخری دو سالوں کے دوران طلباء کے ساتھ کام کرتے ہوئے ڈی او آر ایس منتقلی صلاح کار کافی اہم وقت دیتا ہے تاکہ منتقلی کی منصوبہ بندی فراہم کرسکے اور اسکول سے ثانوی تعلیم کے بعد یا ملازمت کے سفر میں ہموار منتقلی کو یقینی بنانے میں مدد کرے۔ | **خدمات کن کو مل سکتی ہے؟** ڈی او آر ایس (DORS) (DORS) خدمات کے اہل ہونے کیلئے آپ میں جسمانی یا دماغی معذوری ہونی چاہئے جو آپ کے کام کرنے کی اہلیت کو کافی متاثر کرتی ہو، اور آپ کو اور نوکری حاصل کرنے یا  برقرار رکھنے کیلئے آپ کو روزگار سے متعلق بازآبادکاری خدمات کی ضرورت ہوگی۔ اگر آپ سپلمینٹل سیکورٹی انکم (ایس ایس آئی) (SSI) موصول کرتے ہیں اور/یا معاشرتی سیکیورٹی انشورنس ایس ایس ڈی آئی (س) ہے تو آپ کو ڈی او آر ایس (DORS) خدمات کیلئے اہل تصور کیا جاتا ہے۔ ڈی او آر ایس (DORS) سے متعلق اضافی معلومات کیلئے اور انتخاب سے متعلق معلومات کیلئے براہ کرم ملاحظہ کریں:<br><br>https://dors.maryland.gov/consumers/Pages/eligibility.aspx<br><br>خدمات کا آغاز کس طرح کریں: آپ یا درج ذیل کے فہرست میں سے کوئی بھی آپ کے مقامی ڈی او آر ایس (DORS) دفتر کو فون کر سکتا ہے یا ایک آن لائن ریفرل فارم ایجنسی کے ویب سائٹ پر مکمل کر سکتا ہے:<br>• والدیت، سرپرست کی رضامندی سے اسکول کا عمل ۔<br>• والدین یا اہل خانہ کا کوئی ارکان۔<br>• سروس فراہم کنندگان۔<br>http://www.dors.maryland.gov/consumers/Pages/referral.aspx |

## میری لینڈ اسٹیٹ ایڈلٹ سروسز ایجنسز: ڈی ڈی اے (DDA)

| ایجنسی کا نام اورر تفصیل | ایجنسی سے متعلق معلومات |
|---|---|
| **ارتقائی معذوری معذوری انتظامیہ (ڈی ڈی اے) (DDA)** | https://dda.health.maryland.gov/Pages/dda.aspx |
| **ایجنسی کیا کرتی ہے؟** ارتقائی معذوری انتظامیہ (ڈی ڈی اے) (DDA) مربوط ترسیلی سروس فراہم کرتی ہے، تاکہ ارتقائی معذوری کے متاثرین افراد کو اپنی کمیونٹی میں مکمل انضمام کا ہدف والی مناسب خدمات موصول ہو، جس میں مربوط مسابقتی ملازمت کا حصول اور اس کی برقرار رکھنا شامل ہے۔ ڈی ڈی اے کی کمیونٹی پر مبنی ترسیلی نظام کے تحت متعدد مکان اور کمیونٹی پر مبنی خدمات اور تعاون شامل ہیں جو اہل لوگوں کو چاہے میڈیکیڈ اسٹیٹ پلان، ویور پلان یا ڈی ڈی اے (DDA) اسٹیٹ فنڈ والی خدمات کے ذریعہ کی جاتی ہیں۔<br>**درخواست کب دینی ہے؟:** آپ ڈی ڈی اے (DDA) خدمات کیلئے کسی بھی وقت درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کو ڈی ڈی اے (DDA) کی کوئی خدمات موصول کرنے کیلئے ڈی ڈی اے (DDA) کی اہلیت کے زمرہ پر پورا اترنا چاہئے۔ اگر آپ خاص طور پر ٹی وائی (TY) خدمات کیلئے درخواست دےرہے ہیں، تو جب آپ 14 سال کے ہوجائیں تو ڈی ڈی اے (DDA) کے علاقائی دفتر سے رابطہ کریں۔ آپ اپنی اہلیت کا تعین کرنے، درخواست اپ ڈیٹ کرنے یا مکمل کرنے کیلئے مدد بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ سبھی ڈی ڈی اے (DDA) بازنامہ درخواست اہلیت والے سال کے 30 جون تک مکمل کر لینا چاہئے تبھی فنڈنگ پر غور کیا جائے گا۔ اگر منتقلی کی تاریخ 21ویں سالگرہ کے بعد ہے تو وہ شخص نکلنے یا ہائی اسکول سے گریجویٹ ہونے کی تاریخ کے ایک سال بعد اہل ہوگا۔ بعد میں جمع کرائی گئی درخواست ویٹنگ لسٹ میں ڈالا جائے گا۔ درخواست فارم آن لائن اس ویب سائٹ پر دستیاب ہے: www.dda.health.maryland.gov/Documents/dda_ea_application_updated.pdf. | **خدمات کن کو مل سکتی ہے؟** ڈی ڈی اے (DDA) فنڈ والی خدمات استحقاق نہیں ہے۔ فنڈنگ برائے منتقلی نوجوان (ٹی وائی) خدمات جزو کے طور پر ڈی ڈی اے کے تین وفاقی بازنامہ پروگراموں سے آتی ہے: کمیونٹی کے راستے، فیملی سپورٹ، یا کمیونٹی سپورٹ۔ بازنامہ ڈی ڈی اے کو وفاقی مراکز برائے میڈی کیئر اور میڈیکیڈ خدمات (سی ایم ایس) سے فنڈنگ کے ذریعہ مخصوص خدمات فراہم کرنے کی سہولت دیتی ہے۔ اس کےعلاوہ گورنر کی ٹرانزشننگ یوتھ انیشیٹیو (جی ٹی وائی آئی) (GTYI) اسکول چھوڑنے والے اہل طلباء کیلئے ڈی ڈی اے (DDA) بجٹ میں فنڈز مختص کرتی ہے۔ جی ٹی وائی آئی (GTYI) (GTYI) ڈی ڈی اے (DDA) اور میری لینڈ کی باز آبادکاری خدماتی شعبہ (ڈی او آر ایس) (DORS) کے درمیان شراکت داری کے ذریعہ باہمی اشتراک ہے۔<br><br>**ٹی وائی (TY) پہل کیلئے اہل ہونے کے واسطے،** ایک شخص کو درج ذیل زمروں کی بناء پر کسی شخص کو ارتقائی معذور کے لحاظ سے مکمل طور پر اہل پایا جانا چاہئے:<br>• میری لینڈ کا شہری<br>• بازنامہ کیلئے اہل ہو<br>• 21 سال کا ہو<br>• شدید طور پر قدیم معذوری ہو کہ:<br>  ○ دماغی طور پر بیماری کی تشخیص کے علاوہ جسمانی یا ذہنی طور پر معذور ہو۔<br>  ○ نتیجے کے طور خدمات کی ضرورت ہو جو انفرادی طور پر منصوبہ بند اور باہم مربوط ہو<br>  ○ نتیجے کے طور پر خدمات کی ضرورت ہو جو ممکنہ طور پر غیر معینہ مدت کے جاری رہنے والی ہو۔<br>  ○ نتیجے 22 سال کی عمر کو پہنچنے سے پہلے ہوئے ہوں۔<br>  ○ نتیجے کے طور پر وہ آزادانہ زندگی گزارنے کے قابل نہ ہو<br>**نوٹ:** صرف ارتقائی معذوری کی واحد تشخیص کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ خود ساختہ طور پر اس کیلئے اہل ہوجائے گا<br><br>مزید معلومات کیلئے اپنے علاقائی دفتر سے رابطہ کریں:<br><br>• **سنٹرل میری لینڈ** (سروبگ انے اروںڈیل، بالٹیمور، بالٹیمور سٹی، ہارفورڈ، اینڈ ہارورڈ) 1401 سیورن اسٹریٹ، بالٹیمور، ایم ڈی 21230, 410-234-8200<br>• **ساؤتھرن میری لینڈ: (**سرونگ کیلورٹ، چارلس، مانٹگومری، پرنس جارج اور سینٹ میریز) 312 مارشل اوینو، لاریل، ایم ڈی 20707, 301-362-5100<br>• **ویسٹرن میری لینڈ:** سرونگ الیگینی، کیرول، فریڈرک، گیرٹ، اور واشنگٹن) 1360 مارشل اسٹریٹ، ہیگرس ٹاؤن، ایم ڈی 21740, 301-362-5100 |

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

| | |
|---|---|
| | • **ایسٹرن شور:** (سرونگ کیرولن، سیسل، ڈارکیسٹر، کینٹ، کوین انے، سامرسیٹ، ٹلبوٹ، ویکومیکو، اور ورکیسٹر) 926 سنوہل روڈ، بلڈنگ 100،سلیسبری، ایم ڈی 21802 , 410-334-6920 |

## میری لینڈ اسٹیٹ ایڈلٹ سروسز ایجنسیز: بی ایچ اے (BHA)

| ایجنسی کا نام اور تفصیل | ایجنسی سے متعلق معلومات |
|---|---|
| **کردار سازی صحت سے جڑی انتظامیہ (بی ایچ اے) (BHA)** | https://bha.health.maryland.gov/pages/index.aspx |
| **یہ ایجنسی کیا کرتی ہے؟** بی ایچ اے (BHA) میری لینڈ شعبہ صحت (ایم ڈی ایچ) (MDH) کا ایک حصہ ہے جو دماغی بیماری سے متاثر افراد اور/یا الکحل اور منشیات کے استعمال کے لت کے مسائل سے متاثر لوگوں کی خدمت کرتی ہے۔ اپنے مقامی ایجنسیوں کے ذریعہ جسے مقامی کرداری سازی سے جڑی انتظامیہ (ایل بی ایچ اے) (LBHA) یا کور سروس ایجنسیز (سی ایس اے) (CSA)، کہا جاتا ہے، کے ذریعہ بی ایچ اے (BHA) فنڈ فراہم کرتی ہے اور پروگرام چلاتی ہے جس میں بلا تحدید شامل ہیں: نفسیاتی مریضوں کی دیکھ بھال، رہائشی علاج، معمول اور شدید طور پر بیمار باہری مریضوں کی نگہداشت، بحرانی صورتحال میں خدمات، باز آبادکاری خدمات، فیملی سپورٹ، ذہنی بیماریوں میں مبتلا افراد کیلئے رہائش اور معاون روزگار میں مدد۔ کچھ پروگرامس خاص طور پر منتقل ہونے والے نوجوانوں کیلئے کچھ علاقوں میں دستیاب ہیں۔<br><br>**درخواست کب دینی ہے:** بی ایچ اے کچھ خدمات بچوں (پیدائش سے 16تک) اور نوجوانوں کو فراہم کرتی ہے اور بلوغت کی خدمات 16 سال سے شروع ہوتی ہے۔ مزید معلومات کیلئے براہ کرم رجوع کریں: https://mmcp.health.maryland.gov/Pages/home.aspx | **خدمات کون موصول کر سکتا ہے؟** ذہنی بیماری سے متاثر افراد جنہیں دماغی صحت کی نگہداشت کی ضرورت ہے جو میڈیکیڈ کیلئے اہل ہیں۔ کچھ معاملوں میں دماغی طور پر انتہائی بیمار جو میڈک ایڈ کیلئے مالی اسباب کی بناء پر اہل نہیں ہیں اس کے باجود وہ مدد کے حق دار ہیں۔<br><br>**درخواست کیسے دیں:** یاد رکھیں کہ اگر آپ پہلے ہی میڈیکیڈ میں اندراج کراچکے ہیں تو آپ کو ذہنی صحت خدمات کیلئے الگ سے اندراج کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ مزید معلومات کیلئے صارف امور کے بی ایچ اے دفتر سے رابطہ کریں: 402-8447 یا مقامی کردار سازی سے متعلق اپنے مقامی انتظامیہ (ایل بی ایچ اے) یا کور سروس ایجنسی (سی ایس اے) سے رابطہ کریں۔ آپ ایجنسیوں کی فہرست میری لینڈ ایسوسی ایشن آف بیہیویرل ہیلتھ اتھارٹیز میں پا سکتے ہیں۔ www.marylandbehavioralhealth.org |

## میری لینڈ اسٹیٹ اڈلٹ (بالغ) سروسز ایجنسیز: میری لینڈ لیبر

| ایجنسی کا نام اور تفصیل | ایجنسی سے متعلق معلومات |
|---|---|
| **قوت افراد کی ترقی اور ایڈلٹ لرننگ، میری لینڈ شعبہ مزدور کا دفتر** | http://labor.maryland.gov |
| **یہ ایجنسی کیا کرتی ہے؟** قوت افراد کی ترقی میری لینڈ شعبہ مزدور کا دفتر یوتھ سروس ڈویژن بالغ نوجوانوں کو تعلیمی اور ملازمتی اہداف طے کرنے میں مدد کرنے کیلئے پروگرام اور خدمات فراہم کرتا ہے۔ میری لینڈ لیبر مقامی امریکا کے جاب مراکز اور ورک فورس انویسٹمنٹ بورڈ کے ذریعہ میری لینڈ لیبر کیریئر کی مشاورت، ٹریننگ، کمپیوٹر کی رسائی، اور دیگر خدمات فراہم کرتا ہے۔ ورک فورس اینوٹیشن اور اپورچنٹی ایکٹ (WIOA) سے فنڈنگ کے ذریعہ، میری لینڈ لیبر امریکی جاب مراکز کے ساتھ مل کر کئی طرح کی ملازمت فراہم کرتا ہے اور کام سے متعلق ٹریننگ اور تعلیمی مواقع کیلئے گاہکوں سے رابطہ کرتا | **خدمات کن کو مل سکتی ہے؟** یوتھ سروسز ڈویژن بالغ نوجوانوں، معذور اور غیر معذور نوجوانوں جن کی عمر 14-24 ہو خدمت کرتا ہے۔ ون سٹاپ کیریئر مراکز کسی بھی عمر معذور اور غیر معذور نوکری کے سبھی متلاشی نوجوانوں کیلئے دستیاب ہے۔ کیریئر، ٹریننگ، اور نوکریوں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے ملاحظہ کریں:<br><br>• میری لینڈ ڈپارٹمنٹ آف لیبر ویب سائٹ http://labor.maryland.gov/county/ یا میری لینڈ محکمہ مزدور کو 410-767-2173 پر کال کریں اور مقامی |

| | |
|---|---|
| ہے۔ ڈبلو آئی او اے (WIOA) نوجوانوں اور ایسے بالغ نوجوانوں کیلئے جو اپنے کیریئر منتخب کرنے کا آغاز کر رہے ہیں انہیں اعلی معیاری خدمات فراہم کرنے کیلئے اپنے شعبہ کے عزم کا اعادہ کرتا ہے، تعلیمی حصول، مانگ والے پیشہ ور افراد میں مہارت کی تربیت کے مواقع، ثانوی تعلیم کے بعد کے اندراج، اور کیریئر کے راستے میں ملازمت دلانے میں مدد کرنے والے انڈسٹری کے تسلیم شدہ اسناد کے حصول میں اپنا تعاون جاری رکھے گا۔ | امریکی ملازمتی مرکز تلاش کریں یا<br>• میری لینڈ ورک فورس ایکسچنج ویب سائٹ سے رجوع کریں: https://mwejobs.maryland.gov/vosnet/Default.aspx |

# فوائد

## میڈیکیڈ اور میڈیکیڈ بازنامہ

میری لینڈ کی شعبہ صحت انتظامیہ (ایم ڈی ایچ) (MDH) میڈیکیڈ یا طبی امداد (ایم اے) (MA)۔ میڈیکیڈ اور میڈیکیڈ بازنامہ دونوں پروگرام صحت کے کوریج، تتمے امداد، طویل مدتی نگہداشت، اور معذور لوگوں کیلئے گھر/کمیونٹی پر مبنی امداد اہم ہو سکتے ہیں۔

| فائدہ | فوائد سے جڑی معلومات |
|---|---|
| **میڈیکیڈ** | **میڈیکیڈ کیا کرتا ہے؟**<br>• ہیلتھ کیئر کوریج فراہم کرتا ہے۔<br>• ذاتی نگہداشت خدمات جیسے: ذاتی حفظان صحت اور گرومنگ، ٹوائلیٹنگ، کھانا، لباس سازی، نقل و حرکت، گھر پر طبی نگہداشت، اور طبی تقرریوں کی رسائی کیلئے میڈیکیڈ بازنامہ پروگرام کے ذریعہ اضافہ فنڈنگ دیتا ہے۔<br>**میڈیکیڈ کیلئے اہل کون ہے؟**<br>• عام طور پر وہ منفرد لوگ جو ہیں:<br>○ معذور<br>○ نابینا<br>○ ایسے بچے کی نگہداشت کر رہے ہیں جن کے والدین بے روزگار، بیماری، یا بیماری مبتلا ہیں، یا<br>○ پروگرام کی آمدنی کے تقاضوں کو پورا کرتے ہیں۔<br>• میری لینڈ میں میڈیکیڈ کی اہلیت کا تعین مقامی شعبہ معاشرتی سروسز کے ذریعہ کیا جاتا ہے<br>• مزید معلومات کیلئے ملاحظہ کریں:<br>○ https://mmcp.health.maryland.gov/Pages/Am%20I%20Eligible.as<br>• https://www.medicare.gov/manage-your-health/i-have-a-disability |
| **میڈیکیڈ ویور پروگرام** | میریلینڈ میڈیکیڈ کا گھر اور کمیونٹی پرمبنی خدمات ریگولر میڈیکیڈ پروگرام اور خصوصی میڈیکیڈ پروگرامس جس کو"ویورس" کہا جاتا ہے کے ذریعہ چلایا جاتا ہے۔ ویور (بازنامہ) معذور بچے کے والدین کی اہلیت کی ضروریات کو ایک طرف رکھتا ہے اور صرف اس بچے کی آمدنی کو دیکھتا ہے۔ ہر ایک ویور کا اہلیت کا الگ الگ زمرہ ہوتا ہے اور ہر ایک ہدف میں مختلف آبادی کو چنا جاتا ہے، جیسے عمر درازبالغ یا مخصوص قسم کے معذور افراد۔<br>• خدمات استحقاق نہیں ہیں۔<br>• درخواست دینے کیلئے میری لینڈ کا باشندہ ہونا چاہئے اور ڈی ڈی اے (DDA) خدمات کیلئے اہل تعین کیا جانا چاہئے۔<br>• منفرد لوگوں کی دو جماعت ان خدمات کیلئے اہل ہوتی ہیں:<br>○ جن کو ارتقائی معذوری ہو اور؛<br>○ جنہیں شدید، کرونک معذوری ہو جو جسمانی یا ذہنی حالت، اس کے علاوہ ذہنی بیماری کی مکمل تشخیص کے علاوہ وجہ سے ہوتی ہے۔<br>• ملاحظہ کریں: https://mmcp.health.maryland.gov/Pages/Am%20I%20Eligible.aspx-<br>• میڈیکیڈ ویور پروگرامس (کمیونٹی فرسٹ چوائس، کمیونٹی آپشنس، اور میڈیکل پرسنل اسسٹنس) کے |

| | |
|---|---|
| | بارے میں جاننے کیلئے کال کریں 410-767-1739، یا<br>http://medicaidwaiver.org/state/maryland.html پر ملاحظہ کریں۔<br>ہوم اور کمیونٹی پر مبنی خدمات بارے میں معلومات کیلئے ملاحظہ کریں<br>https://mmcp.health.maryland.gov/waiverprograms/Pages/Home.aspx |

**درخواست کیسے دینی ہے:** میڈیکیڈ کیلئے درخواست دینے کے واسطے میری لینڈ کے باشندے اپنے ضلع یا سٹی ڈپارٹمنٹ آف سوشل سروسز کا دورہ کرتے ہیں۔ جہاں ان کا انٹرویو کیا جاتا ہے اور وہ اپنی درخواست جمع کراتے ہیں۔ سوالوں کا جواب پانے میں مدد حاصل کرنے، اہلیت چیک کرنے، اور میڈیکیڈ کیلئے درخواست دینے میں تعاون کیلئے ملاحظہ کریں: https://medicaid-help.org/Primary-Information

## معاشرتی حفاظتی انتظامیہ کے فوائد برائے معذور افراد

معاشرتی سیکیورٹی معذوری بیمہ اور سپلمینٹل سیکیورٹی انکم معذوری پروگرام سب سے بڑے وفاقی پروگرام ہیں جو معذور افراد کو تعاون فراہم کرتے ہیں۔ جب کہ یہ دونوں پروگرام کئی معنوں میں الگ ہیں، دونوں معاشرتی حفاظتی انتظامیہ (ایس ایس اے) (SSA) کے ذریعہ معذور افراد کیلئے چلائے جاتے ہیں اور طبی زمرہ کو پورا کرتے ہیں وہ کسی بھی پروگرام کے تحت فوائد کیلئے اہل ہوتے ہیں۔ اضافی معلومات اور معاشرتی سیکیورٹی فوائد یا معذوری کے فیصلہ میں اپیل کرنے میں تعاون حاصل کرنے کیلئے https://www.disabilitysecrets.com/ ملاحظہملاحظہ کریں۔

## ضمنی سیکیورٹی کی آمدنی (ایس ایس آئی) (*SSI*)

| سوال | ضمنی سیکیورٹی کی آمدنی (ایس ایس آئی) (*SSI*) کے فوائد کے بارے میں جوابات |
|---|---|
| **ضمنی سیکیورٹی کی آمدنی (ایس ایس آئی) (*SSI*) کیا کرتا ہے؟** | ضمنی سیکیورٹی کی آمدنی (ایس ایس آئی) (***SSI***) ایسے معذور بالغ اور بچوں کو فوائد پہنچاتا ہے جن کی آمدنی اور وسائل محدود ہیں۔ ایس ایس آئی (*SSI*) وفاقی آمدنی اتمامی پروگرام ہے جسے جنرل ٹیکس مالگزاری (معاشرتی سیکیورٹی ٹیکسز سے نہیں) کے ذریعہ فنڈ فراہم کیا جاتا ہے:<br>• عمر دراز، نابینا، اور ایسے معذور افراد جن کی آمدنی نہایت ہی کم یا نہیں ہے کی مدد کیلئے تیار کیا گیا ہے<br>• کھانا، کپڑا، اور پناہ جیسی بنیادی ضروریات کی تکمیل کیلے نقد فراہم کرتا ہے<br>• مستفدین کیلئے طبی امداد فراہم کرتا ہے تاکہ اسپتالوں میں ٹھہرنے، ڈاکٹر کی بل، تجویز کردہ ادویات اور دیگر صحت سے جڑے اخراجات ادا کرسکے۔<br>ایس ایس آئی (*SSI*) **کے** مستفدین کھانے کی مدد پانے کیلئے بھی اہل ہے۔ |
| **ایس ایس آئی (*SSI*) کے فوائد حاصل کرنے کے اہل کون ہیں؟** | • معذور؛ نابینا؛ یا عمر دراز (65 اور اس سے عمر دراز)؛ اور جن کی آمدنی محدود اور وسائل محدود ہوں۔<br>• مالی اہلیت کا تعین کرتے وقت معذور بچوں کے اہل خانہ کی آمدنی اور اثاثہ جات پر بھی غور کیا جاتا ہے۔<br>• 18 سال کی عمر میں ایس ایس آئی صرف ایک فرد کی آمدنی اور اثاثہ جات تصور کرتا ہے، نہ کہ والدین کی آمدنی اور اثاثے۔<br>• اگر کسی بچے کا اس سے پہلے آمدنی کی بنیاد پر ایس ایس آئی نہیں ملا ہو، تو ان کی پیدائش کے 18ویں سال کے بعد فوائد کیلئے دوبارہ درخواست دے جب والدین کی آمدنی کو اہلیت کے مقصد کیلئے غور نہیں کیا جائے گا۔<br>• ضمنی سیکیورٹی کی آمدنی (ایس ایس آئی) (***SSI***) موصول کرنے والے افراد خود ساختہ طور پر طبی امداد حاصل کرنے کے اہل ہوتے ہیں۔ |
| **درخواست کیسے کریں؟** | • شہر یا ضلع جہاں آپ رہتے ہیں میں واقع اپنے سوشل سرسز شعبہ میں درخواست دیں۔<br>• https://www.ssa.gov/forms/ پر ایک آن لائن درخواست مکمل کریں۔ معذوری کے فوائد |

| | |
|---|---|
| | کیلئے اپلائی منتخب کریں۔<br>• اپنے مقامی صحت شعبہ اور معاشرتی سروسز شعبہ میں درخواست حاصل کریں۔ 1-800-456-8900 پر کال کرتے ہوئے میل پر بھی منگوا سکتا ہے۔ |
| **اگر میری درخواست نامنظور کر دی گئی تو کیا ہوگا؟** | • اگر آپ کی درخواست حال میں مسترد کی گئی ہے، تو انٹرنیٹ اپیل معذوری فوائد کیلئے اپنے اہلیت کے بارے فیصلہ پر نظر ثانی کی درخواست دینے کا ابتدائی نقطہ ہے۔<br>• اگر آپ کی درخواست مسترد کی گئی ہے برائے:<br>○ طبی وجوہات، تو آپ ضروری اپیل اور اپیل معذروی رپورٹ آن لائن مکمل کرکے جمع کرا سکتے ہیں<br>○ غیر طبی وجوہات، آپ اپنے مقامی معاشرتی سیکیورٹی افسر سے درخواست پر نظر ثانی کرنے کیلئے رابطہ کرنا چاہئے۔ آپ ایک اپیل کی درخواست کیلئے ٹول فری نمبر 1-800-772-1213 پر بھی کال کرسکتے ہیں۔ جو لوگ گونگے یا بہرے ہیں وہ ٹول فری پر کال کرسکتے ہیں۔ ٹول فری ٹی ٹی وائی نمبر، 1-800-325-0778 |

## معاشرتی سیکیورٹی معذوری بیمہ (ایس ایس ڈی آئی)

| سوال | ضمنی معذوری بیمہ (ایس ایس ڈی آئی) فوائد کے بارے میں جوابات |
|---|---|
| **معاشرتی سیکیورٹی معذوری بیمہ(ایس ایس ڈی آئی) کیا کرتا ہے؟** | معاشرتی سیکیورٹی معذوری بیمہ(ایس ایس ڈی آئی) آپ کو یا آپ کی مخصوص تعداد میں اہل خانہ کو فائدہ پہنچاتا ہے اگر آپ "بیمہ دار" ہیں، مطلب یہ آپ نے کافی دن تک کام کیا اور معاشرتی سیکیورٹی محصولات ادا کیں۔ |
| **معاشرتی سیکیورٹی معذوری بیمہ(ایس ایس ڈی آئی) کیا کرتا ہے؟** | معاشرتی سیکیورٹی معذوری بیمہ (ایس ایس ڈی آئی) (***SSDI***) آپ کو یا آپ کی مخصوص تعداد میں اہل خانہ کو فائدہ پہنچاتا ہے اگر آپ "بیمہ دار" ہیں، مطلب یہ آپ نے کافی دن تک کام کیا اور معاشرتی سیکیورٹی محصولات ادا کیں۔<br>• ایک غیر شادی شدہ بچہ والدین کے کام کے ریکارڈ پر فوائد موصول کرنے کا اہل ہو سکتا ہے اگر:<br>• بچہ کی عمر 18 سال سے کم ہے، خواہ معذور ہو یا نہ ہو؛ یا<br>• بچہ کی عمر 18-19 سال ہے اور کل وقتی طالب علم ہے (گریڈ 12 سے اوپر نہیں)؛ یا<br>• بچہ 18 سال یا اس سے بڑا ہے معذور ہے معذوری 22 سال سے پہلے شروع ہوئی اور بالغوں کے لئے مخصوص کردہ معذوری کے زمرہ کو پورا کرتا ہے۔ |

# مابعد ثانوی تعلیم/معذوری سپورٹ سروسز

طلباء کیلئے منفرد معذوروں کیلئے تعلیمی ایکٹ (آئی ڈی ای اے) (**IDEA**)، امریکیوں کیلئے معذوری ایکٹ (اے ڈی اے) (ADA) اور 1973 کے بازآباد کاری ایکٹ کے سیکشن 504 کے درمیان فرق اور طلباء کیلئے فراہم کیے جانے والے اختیارات کو سمجھنا بہت اہم ہے۔ ہائی اسکول کے دوران آئی ڈی ای اے (IDEA) یہ واضح کرتا ہے کہ آئی ای پی (**IEP**) پروسیس کے ذریعہ کیسے تعلیمی مدد فراہم کی جاتی ہے۔ جب ایک طالب علم کالج میں داخل ہوتا ہے (مابعد ثانوی تعلیم)، اے ڈی اے اور سیکشن 504 منفرد معذوروں کے حقوق کی ضمانت دیتا ہے جس سے وہ مابعد ثانوی تعلیم میں کامیاب ہونے کیلئے مناسب رہائش موصول کرتا ہے۔ ذیلی چارٹ میں ہائی اسکول کالج کے مابین واقع فرق کی فہرست دی گئی ہے۔

| سروس ایریا | برائے ہائی اسکول | برائے کالج |
|---|---|---|
| **قانونی** | • منفرد معذوروں کیلئے تعلیمی ایکٹ (آئی ڈی ای اے) (**IDEA**) معذور طلباء کو مفت اور مناسب تعلیم کا حق دیتا ہے۔<br>• آئی ڈی ای اے (**IDEA**) **کامیاب** ہونے کے بارے میں ہے۔ | • امریکی معذوروں کیلئے ایکٹ (اے ڈی اے) (**ADA**) اور سیکشن 504 مناسب رہائش کی ضمانت دیتا ہے۔<br>• اے ڈی اے **رسائی** کے بارے میں ہے |
| **ضروری دستاویز** | • منفرد تعلیمی پلان آئی ای پی (**IEP**)<br>• دستاویزی طور پر یہ تعین کرنے پر توجہ دی جاتی ہے کہ آیا طالب علم آئی ڈی ای اے (**IDEA**) میں مخصوص کردہ زمرے کی بنیاد پر خدمات کیلئے اہل ہے یا نہیں۔ | • ہائی اسکول آئی ای پی (**IEP**) ہو سکتا ہے کافی نہ ہو۔<br>• طلباء کو اپنے اخراجات پر تشخیص کرانے کی ضرورت پڑسکتی ہے۔<br>• دستاویزات کو مخصوص مناسب رہائش پر معلومات فراہم کرانا ضروری ہے۔ |
| **وکالت** | • والدین سرگرمی کے ساتھ اپنے بچوں کے واسطے مناسب خدمات اور تعاون کی وکالت کرنے میں شامل رہتے ہیں۔<br>• اسکول والدین سے رابطہ کرتا ہے اور آئی ای پی (**IEP**) ٹیم پروسیس میں ان کی شرکت ضروری ہوتی ہے۔<br>• والدین براہ راست اپنےبچے کے اساتذہ سے باقاعدگی سے بات کرتے ہیں۔ | • طلباء سے توقع کی جاتی ہے وہ بذات خود وکالت کرے۔ والدین کی شمولیت ہمیشہ طلب نہیں کی جاتی اور کئی موقعوں پر اس کیلئے حوصلہ شکنی بھی کی جاتی ہے۔<br>• کالج فیکلٹی اور عملہ والدین کے ساتھ عام طورپرطالب علم کی رضامندی کے بناء مواصلات نہیں کرتے۔ |
| **منفرد تعلیمی پروگرام اور تعاون** | • آئی ای پی (**IEP**) ٹیم جس میں طلباء، والدین اور اسکول ضلع شامل ہوتے ہیں، وہ منفرد تعلیمی پروگرام آئی ای پی (**IEP**) ڈولپٹ کرتے ہیں اور انہیں ان خدمات کیلئے اس قانونی دستاویز پر عمل کرنا چاہئے<br>• والدین کو طلباء کے ریکارڈ کی رسائی ہوتی ہے اور رہائش کے پروسیس میں شرکت کر سکتا ہے۔ | • کالج میں کوئی آئی ای پی (**IEP**) نہیں ہوتا۔<br>• معذوری خدمات دفتر طالب علم کے ذریعہ فراہم کردہ معذوری کے دستاویزات کی بنیاد پر رہائش کا ایک پلان بنائے گا۔<br>• طالب علم کو چاہئے کہ وہ ہر ایک سیمسٹر کالج معذوری خدمات دفتر سے رہائش کی درخواست کرے۔<br>• والدین کو طالب علم کی تحریری رضامندی کے بناء طلباء کے ریکارڈ تک رسائی نہیں ہوتی۔ |

یہ بہت اہم ہے کہ طلباء اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں جانیں، اس لئے کہ آئی ڈی ای اے (IDEA) کالجوں، ٹریڈ اسکولوں، یا یونیورسٹیوں پر اطلاق نہیں ہوتا۔ اس رہنما کتابچہ کے ضمیمہ الف میں مابعد ثانوی تعلیمی رہائشی چارٹ رہائش اور مابعد ثانوی تعلیمی اداروں میں معذوری خدمات کے بارے میں کچھ عام سوالات اجاگر کرتا ہے۔

# نقل وحمل، منتقلی،اور سفر سے متعلق ہدایات

طلباء اور ان کے اہل خانہ کیلئے اس بات کی منصوبہ بندی بہت اہم ہے کہ وہ اسکول کے بعد کے نظام، جیسے کالج یا کام پر کیسے جائیں گے۔ اسکول کے دوران طلباء اسکول کے نقل و حمل نظام، اہل خانہ کے ارکان یا دوستوں کے ذریعہ ان کو اپنی منزل پر پہنچانے پر منحصر ہو سکتے ہیں۔ لیکن طلباء کو نقل و حمل کا یہ سہارا نہیں ملے گا جب وہ اسکول چھوڑیں گے۔ اس لئے طلباء کو اسکول میں رہنے کے دوران ہی آزادانہ طور پر سفر کرنے اور نقل وحمل کے بارے میں سیکھنا بہت اہم ہے تاکہ جب وہ اسکول چھوڑیں انہیں یہ ہنر آتا ہو اور اس قدر مہارت ہو کہ وہ ضرورت کے مطابق کہیں بھی جا سکیں۔

منتقلی کی منصوبہ بندی میں ٹیم اہل خانہ اور طلباء کے ساتھ باہمی اشتراک کے ساتھ کام کر سکتا ہے:

- طلباء کی حرکت پذیری اور آزادانہ طور پر سفر کرنے کیلئے تعاملی اہلیت کا اندازہ؛
- فیصلہ سازی، مسئلہ حل کرنے اور سماجی اصولوں کو سمجھنے کیلئے طالب علم کی ادراکی اہلیت کا اندازہ، جو آزادانہ سفر کے دوران انتہائی ضروری ہو سکتا ہے؛
- مقامی ٹرانزٹ ایجنسیوں تک مقررہ دورے جہاں طلباء کمیونٹی ٹرانسپورٹیشن آپشن کے بارے میں سیکھ سکتا ہے؛
- نقل و حمل پیشہ وروں کو طلباء سے ملاقات کرنے اور اپنی خدمات کے بارے میں بتانے کیلئے بلائیں؛
- نقل و حمل کے اقسام کا جائزہ لیں جو ان کی کمیونٹی میں طالب علم مرکوز سرگرمیوں کے ذریعہ دستیاب ہو سکتا ہو؛
- مقامی نقل و حمل پلاننگ آرگنائزیشن اور ٹرانزٹ ایجنسیوں کے ذریعہ حرکت پذیری آپشن کے بارے میں سیکھیں؛
- طلباء کو سرکاری نقل و حمل کے استعمال کے بارے میں بتانے کیلئے سفری ہدایات اور سفر سے جڑی ٹریننگ پروگرام کی شناخت کریں؛ اور؛
- طلباء کیلئے سب سے شمولیتی نقل و حمل کے بارے میں غور کریں۔

نقل وحمل ملازمت، تعلیم، ہیلتھ کیئر اور تفریح جیسے مواقع تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ وہ معذور افراد جن کو گاڑی نہیں چلانی آتی یا ان کے لئے کوئی گاڑی دستیاب نہیں ہے، انہیں نقل و حرکت کے متبادل اختیارات پر غور کرنا ہوگا۔ نقل وحمل کی خدمات الگ الگ ریاستوں میں مختلف طرح کی ہوسکتی ہے۔ کچھ اہل طلباء کیلئے پیرا ٹرانزٹ سروسز ہوتی ہیں، جو سفر کرنے کا سب سے موزوں موڈ ہو سکتا ہے۔ میری لینڈ میں میری لینڈ ٹرانزٹ اتھارٹی موبلٹی لنک پروگرام ایسے طلباء کو ڈور ٹو ڈور نقل و حمل کی خدمات فراہم کرتا ہے۔اس کیلئے طالب کی اہلیت کا تعین کرنے کیلئے ایک تشخیصی پروگرام منعقد کیا جاتا ہے۔موبلٹی لنک جو خاص طور پر معذور افراد کیلئے تیار کیا گیا ہے امریکی معذوری ایکٹ (اے ڈی اے) (ADA) کی ضرورت ہے اور اس کیلئے پیشگی نوٹس اور مقررہ اوقات طے کرنا ضروری ہے۔ تاہم بہت سے طلباء کیلئے شمولیتی کمیونٹی ٹرانسپورٹیشن آپشن جو طلباء کو فورا سفر کرنے کے قابل بناتا ہے سب سے مناسب سروس ہے۔ ٹرانزشن پروفیشنل، اہل خانہ، اور نوجوان بذات خود ایک ساتھ مل کر نقل و حمل کے پیشہ وروں کے ساتھ حرکت پذیری سروس کا تعین کرنے کیلئے کام کر سکتے ہیں جو طالب علم کی ضروریات اور اہلیت کے لحاظ سے تیار کیا گیا ہے۔

## نقل و حمل کے وسائل

- نقل وحمل کا ریاستی شعبہ اور ٹرانزٹ انتظامیہ مقامی نقل و حمل فراہم کنندگان کے اہم وسائل ہیں۔
    - میری لینڈ ٹرانزٹ اڈمنسٹریشن (ایم ٹی اے)
    - میری لینڈ معذور افراد یا بزرگوں کو مفت یا کفایتی کرایہ پروگرام کے تحت نقل وحمل کی خدمات فراہم کرتا ہے تاکہ وہ کمیونٹی نقل و حمل کا استعمال کر سکیں۔ ان پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے میری لینڈ ایم ٹی اے کفایتی کرایہ پروگرام کے ویب سائٹ پر جائیں: https://mta.maryland.gov/disabled-reduced-fare-program
- کچھ طلباء کو سفر کرنے کیلئے انتہائی اہم مدد کی ضرور ہوسکتی ہے اور آزادانہ طور پر سرکاری بس یا ٹرین (ایم ٹی اے فکسڈ روٹ سسٹم) کا استعمال کرنے کے قابل نہ ہوں۔ ایم ٹی اے موبلٹی لنک (پیراٹرانزٹ) پروگرام موبلٹی لنک کی اہلیتی تقاضے کے بارے میں مزید جانکاری کیلئے اس لنک پر جائیں: https://mta.maryland.gov/mobility۔

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

- ٹیکسی سروسز کچھ طلباء کیلئے مناسب ہوسکتی ہیں اور نوجوانوں کو ان جگہوں پر لے جا سکتی ہیں جہاں بسیں یا ٹرینیں نہیں جاتی ہیں۔
  - میری لینڈ ٹیکسی سروسز: http://mdod.maryland.gov/transport/Pages/Taxi-Services.aspx
- وفاقی وسائل قومی اور مقامی پروگراموں کے بارے میں معلومات فراہم کرسکتے ہیں۔
  - امریکی لیبر محکمہ، آفس آف ڈس ایبلٹی امپلائمنٹ پالسی ٹرانسپورٹیشن پورٹل۔ نقل و حمل کے وسائل اور امریکی معذوری ایکٹ کے تحت فراہم کنندگان کی ذمہ داریوں کو اجاگر کرتا ہے۔ https://www.dol.gov/odep/topics/Transportation.htm
  - امریکی محکمہ نقل و حمل، وفاقی ٹرانزٹ اڈمنسٹریشن۔ کچھ وفاقی ایجنسیاں نقل و حمل کی سروس اور اخراجات کو تعاون کرسکتی ہے۔ . رابطہ اور رسائی کوآرڈی نیٹنگ کونسل کے ذریعہ ان وسائل کو مربوط کرنے کی وفاقی کاوشوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں (سی سی اے ایم)۔ https://www.transit.dot.gov/ccam

## سفری ہدایات

جامع اور مکمل سفری ہدایات معذور طلباء کو یہ سکھانے کیلئے تیار کیا گیا ہے کہ وہ آزادانہ محفوظ طریقے سے سرکاری نقل و حمل کا استعمال کس طرح کریں۔ سفری ہدایت سیکھنے کا ایک طریقہ کار ہے کہ کیسے حرکت پذیری میں اضافہ کرنے اور معذور طلباء اپنی آزادی اور مواقع میں اضافہ کرنے کیلئے مقامی نقل و حمل کا استعمال کیسے کریں۔ معذور طلباء کو معلوم ہونا چاہئے کہ نقل و حمل کے کیا نظام ہمارے پاس دستیاب ہیں، اس کا استعمال کیسے کریں، اپنے سفر کی منصوبہ بندی کس طرح کریں اور غیر متوقع یا ہنگامی صورتحال میں کیا کریں اس بارے میں واقفیت حاصل کریں۔ سفری ہدایات تربیت یافتہ انسٹرکٹرز کے ذریعہ فراہم کیا جانا چاہئے جو درسگاہ میں ہدایت کا تسلسل فراہم کر سکتا ہے (سفری واقفیت)، اور اور مستند کمیونٹی سیٹنگ (سفری ٹریننگ) میں بھی۔ سفری ٹریننگ کے نتیجہ میں آزادی، اعتماد، اور زندگی گزارنے، سیکھنے، کام کرنے، اور اپنی کمیونٹی میں کھیلنے کی اہلیت میں اضافہ کرتا ہے۔ ٹرانزشن پیشہ وران سفری ہدایات فراہم کرنے کیلئے ٹرینر کے ساتھ سفر کرتے ہوئے کام کر سکتا ہے، جس میں شامل ہے:

- سفر سے واقفیت: نقل و حمل نظام کے وضاحت کے مقصد کے تحت کی گئی انفرادی یا جماعتی سرگرمی۔
- سفر کی آگہی: نقل و حمل نظام کے وضاحت کے مقصد کے تحت سفری ٹرینر کے ساتھ کی گئی انفرادی یا جماعتی سرگرمی، جس میں نقل و حمل کے جدید موڈ یا روٹ پر طلباء بھی ساتھ ہوں اور انہیں رسائی اور استعمال کے خصوصیات کی وضاحت کی جائے۔
- سفری ٹریننگ: آمنے سامنے کی جامعیت، سرکاری نقل و حمل کے ذریعہ آزادانہ سفر کے واسطے ضروری مہارتوں اور طرز عمل کے بارے میں خصوصی طور پر ڈیزائن کردہ ہدایت۔ https://www.travelinstruction.org/

## سفری ہدایات کے وسائل

- ایسوسی ایشن آف ٹریول انسٹرکشن (اے ٹی آئی) (ATI)۔ اس قومی رکنیت والی تنظیم کا درج ذیل مشن ہے: معیاری سفری ہدایت کی تشہیر کیلئے معاونت، معلومات، تربیت اور تعلیم فراہم کرتے ہوئے معذور لوگوں اور بوڑھے بالغ افراد کے سرکاری نقل و حمل اور برادری کی شراکت میں یکساں رسائی کے حق کو آگے بڑھانا ہے۔ https://www.travelinstruction.org/
- نیشنل ایجنگ اینڈ ڈس ایبلٹی ٹرانسپورٹیشن سنٹر (این اے ڈی ٹی سی) (NADTC)۔ نیشنل ٹیکنیکل اسسٹنس سنٹر کو امریکی شعبہ نقل و حمل فنڈ فراہم کرتا ہے، فیڈرل ٹرانزٹ اڈمنسٹریشن بوڑھے بالغ افراد، معذور افراد، تیمارداروں، اور کمیونٹیز کیلئے نقل و حمل کے آپشن کی دستیابی اور رسائی کو فروغ دیتی ہے۔ این اے ڈی ٹی سی کا سفری ہدایات سے متعلق متعدد وسائل ہیں۔ www.nadtc.org

## نقل و حمل اور حرکت پذیری خدمات کی شناخت کرنے کے وسائل

- سنٹر برائے موبلٹی ایکوٹی- MDTrip - یہ ویب پورٹل اور تنظیم میری لینڈ میں بہت سے خدمت فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے تاکہ ہمارے صارفین کو آسان استعمال کرنے والی ایک ویب سائٹ پر اپنے صارفین کو مختلف قسم کے نقل و حمل کے اختیارات فراہم کر سکیں۔ اس کا مشن لوگوں کو میری لینڈ میں مختلف مقامات تک پہنچنے کیلئے نقل و حمل کا متبادل تلاش کرنے اور اس کا استعمال کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ MDTrip سفری ہدایات کی بھی پیشکش کرتا ہے۔ https://www.mdtrip.org/

- قومی مرکز برائے موبلٹی منیجمنٹ۔ نیشنل ٹیکنیکل اسسٹنس سنٹر کو امریکی شعبہ نقل و حمل کیلئے فنڈ فراہم کرتا ہے، فڈرل ٹرانزٹ اڈمنسٹریشن گاہک پر مرکوز حرکت پذیزی کی حکمت عملی کو فروغ دیتا ہے جو اچھی صحت، معاشی قوت، ذاتی اور کمیونٹی اکتفائیت کو بڑھاوا دیتا ہے۔ این سی ایم ایم میں مقامی نقل و حمل کے وسائل اور پیشہ ور افراد کے نیٹ ورکس سے رابطے شامل ہیں، جنہیں موبلٹی منیجرز کہا جاتا ہے جنہیں نقل وحمل وسائل کے بارے میں قابل قدر معلومات ہوتی ہیں۔ www.nc4mm.org

### ہیلتھ کیئر وسائل

اسکولی نظام سے باہر آنے والے طلبا کیلئے ہیلتھ کیئر کی رسائی پر غور کرنا انتہائی اہم ہے۔ چونکہ نوجوان ہائی اسکول سے بڑوں کی زندگی میں منتقل ہوتا ہے، یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے مابعد ثانوی تعلیم کے اہداف کے حصول کے لئے صحت مند طرز زندگی کو برقرار رکھیں۔ اس میں اپنی صحت کی دیکھ بھال اور ادویات کا انتظام، ہیلتھ کیئر کے پیشہ ور افراد سے بات چیت، اور صحت سے متعلق بیمہ آپشن کو سمجھنا شامل ہو سکتا ہے۔ معذور افراد 21 سال کی عمر تک ماہر امراض اطفال کے پاس جا سکتے ہیں، لیکن کبھی کبھار ماہر امراض اطفال سے بالغوں کے امراض کے ماہر ڈاکٹر کے پاس بھی جانا پڑسکتا ہے۔ درج ذیل لنکس ہیلتھ کیئر اور معذور افراد کیلئے ایڈلٹ ہیلتھ کیئر کے ٹرانزشن کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے:

- جینیات کا دفتر اور خصوصی ضرورت مند افراد کے وسائل کا مقام شناس: https://phpa.health.maryland.gov/genetics/Pages/home.aspx
- قومی مرکز فار میڈیکل ہوم امپلیمنٹیشن: https://medicalhomeinfo.aap.org/Pages/default.aspx
- نو عمر تا بالغ ہیلتھ کیئر ٹرانزشن: https://phpa.health.maryland.gov/genetics/Pages/Health_Care_Transition.aspx
- گاٹ ٹرانزشن: http://www.gottransition.org/

## کمیونٹی تک رسائی کے وسائل

### تفریح اور فرصت کے لمحات

- میری لینڈ لرننگ لنکس تفریح اور وقت گزاری پروگرام پر مشتمل وسائل کا جامع نیٹ ورک ساتھ ہی پورے میری لینڈ میں ہونے والے تفریحی سرگرمیوں کے بارئ میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ https://marylandlearninglinks.org

- **سبھوں کیلئے رسائی: میری لینڈ شعبہ قدرتی وسائل (ڈی این آر) (DNR)** اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کام کر رہا ہے کہ ریاست کی تمام اہم قدرتی وسائل تمام شہریوں اور سیاحوں کیلئے دستیاب ہو۔ تصورات اور ڈیزائن سے لے کر تعمیری عمل یعنی تعمیر سے لے کر نفاذ تک، کیبن، فشنگ اور بوٹنگ ڈاکس، زائرین کے مراکز، ٹریلز، اور دیگر بیرونی تفریحی سہولیات پر وقت اور خصوصی توجہ دی گئی تاکہ یہ ممکن بنایا جائے کہ معذور لوگ میری لینڈ کے زبردست باہری نظاروں اور وسائل سے لطف اندوز ہو سکیں۔ ڈی این آر لگاتار رسائی کو وسیع کرنے اور معذور لوگوں کو شامل کرنے پر کام کر رہا ہے۔ http://dnr.maryland.gov/Publiclands/Pages/accessforall.aspx

## کمیونٹی کے طرز زندگي کے وسائل

- مرکز برائے آزاد زندگی معذور لوگوں کو با اختیار بنانے کیلئے مدد فراہم کرتا ہے تاکہ وہ اپنی مرضی کے مطابق، آزاد اور کمیونٹی میں ثمر آور طور پر زندگی گزار سکے۔ http://www.msilc.org/map.html

- سروس ایکسس اور معلوماتی لنک (ایس اے آئی ایل) (SAIL): ویب پر مبنی اسکریننگ درخواست ٹول جو میری لینڈ والوں کو میری لینڈ ریاست کے ذریعہ پیش کی جانے والی سماجی خدمات کے بارے میں درخواست دینے، تجدید نو، یا سیکھنے میں مدد کرے گا۔ https://mydhrbenefits.dhr.state.md.us/dashboardClient/#/home

- معاشرتی سیکیورٹی اڈمنسٹریشن ریڈ بُک: معاشرتی سیکیورٹی معذوری بیمہ (ایس ایس ڈی آئی) (SSDI) اور ضمنی سیکیورٹی کی آمدنی (ایس ایس آئی (SSI) فوائد پروگرام کیلئے ملازمت سے متعلق اختیارات کے بارے میں فوری حوالہ کا ماخذ ہے۔ . https://www.ssa.gov/redbook/eng/main.htm
- فرسٹ کال برائے مدد: میری لینڈ میں صحت اور انسانی خدمات کے سلسلے مفت اور خفیہ ریفرل گریٹر بالٹیمو علاقے میں 410-685-0525 پر کال کرتے ہوئے یا بالٹیمور کے باہر 0618-492 (800) پر کال کرتے ہوئے رابطہ کریں۔ https://211md.org/

## گھر کے اندر سہارا اور خدمات

- **کمیونٹی فرسٹ چوائس (سی ایف سی) (CFC) پروگرام** عمر رسیدہ بالغوں اور معذور افراد کو ان کے اپنے گھروں میں رہنے کے قابل بنانے کیلئے کمیونٹی خدمات اور تعاون فراہم کرتا ہے۔ کچھ امداد میں شامل ہوسکتی ہے: ذاتی امدادی خدمات، ذاتی ہنگامی جواب کا نظام، معاونتی ٹیکنالوجی، قابل رسا موافقت، صارف ٹریننگ اور گھر پر ترسیل شدہ کھانے۔ منفرد افراد کو لازمی طور پر دیکھ بھال کی ادارہ جاتی سطح پر پورا اترنا چاہئے اور کمیونٹی میڈیکیڈ کیلئے مالی طور پر اہل ہونا چاہئے۔ مزید معلومات کیلئے میڈیکیڈ کے طویل مدتی کیئر اور ویور سروسز سے ذیلی نمبروں پر رابطہ کریں: 410-767-1739 یا 1-877-463-3464 یا برائے ایم ڈی ریلے سروس 2258-735 -800-1۔ مزید معلومات کیلئے میری لینڈ شعبہ صحت کا دورہ کریں۔
- **میری لینڈ پرسنل کیئر (ایم اے پی سی) (MAPC) پروگرام** گھروں میں ذاتی نگہداشت کی خدمات فراہم کرتا ہے، معذور افراد یا کرونک طبی حالت والے لوگ جو میڈیکیڈ کےلئے کوالیفائی کرتے ہیں ان کیلئے منصوبہ بندی اور نرس مانیٹرنگ خدمات میں تعاون دیتا ہے۔ کام کی جگہوں میں بھی خدمات فراہم کی جا سکتی ہے۔ یہ پروگرام مقامی صحتی شعبے کے ذریعہ چلایا جاتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے اپنے مقامی صحتی شعبہ یا میری لینڈ شعبہ سے رابطہ کریں اس پر: 410-767-1739 یا 1-877-463-3464 یا برائے ایم ڈی ریلے سروس 2258-735 -800-1 پر رابطہ کریں۔
- **کمیونٹی پاتھ ویز ویور** ارتقائی معذوری انتظامیہ (ڈی ڈی اے) (***DDA***) کے ذریعہ میری لینڈ شعبہ صحت (ڈی ایم ایچ) (DMH) کے تحت چلایا جاتا ہے۔ بازنامہ اہل دانشوری یا ترقیاتی معذوری والے افراد کو کئی طرح کی خدمات پیش کرتا ہے جو لائسنس یافتہ ایجنسیوں یا خود ساختہ رہنما خدمات کے تحت آزاد فراہم کنندگان کے ذریعہ چلایا جاتا ہے۔ خدمات حاصل کرنے کیلئے ویٹنگ لسٹ ہوتی ہے اور فنڈ کی دستیابی ضرورت پر مبنی ہوتی ہے۔ مزید معلومات یا ویٹ لسٹ کے واسطے درخواست دینے کیلئے ڈی ڈی اے (***DDA***) صدر دفتر سے https://dda.health.maryland.gov/Pages/home.aspx پر یا بذریعہ فون 410-767-5600 پر رابطہ کریں۔ ڈی ڈی اے (DDA) کے علاقائی دفاتر کے رابطہ معلوم حاصل کرنے کیلئے ملاحظہ https://dda.health.maryland.gov/Pages/Regional%20Offices.aspx ملاحظہ کریں۔
- کم شدتی امدادی خدمات (ایل آئی ایس ایس) (LISS) پروگرام ارتقائی معذوری انتظامیہ (ڈی ڈی اے) (DDA) کے ذریعہ میری لینڈ شعبہ صحت کے تحت چلایا جاتا ہے اور اہل درخواست گزاروں کو معذور افراد اور ان کے اہل خانہ کو امدادی خدمات کیلئے $2,000 تک دیا جاتا ہے۔ ڈی ڈی اے (DDA) ایل آئی ایس ایس (LISS) فنڈنگ رواں مالی سال میں دو بار (جولائی 31-1 اور جنوری 31-1) فنڈ تقسیم کرتا ہے۔ ایل آئی ایس ایس (LISS) فنڈنگ بے ترتیب انتخاب اور اہلیتی تقاضوں کی بنیاد پر دیتا ہے۔ ایل آئی ایس ایس (LISS) متعدد انفرادی خدمات اور فیملی سپورٹ سروس کیلئے فنڈ دیتا ہے جس میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

ذاتی اور تیمار دار نہگداشت، رسپائٹ کیئر اور آزادی کو زیادہ سے زیادہ کرنے کیلئے دیگر خدمات، ثمرآوری، اور کمیونٹی کے اندر انضمام۔ فی الحال پوری ریاست میں چار ایل آئی ایس ایس (LISS) ایجنسیاں ہیں جو درخواست پر کارروائی کیلئے جواب دہ ہیں۔ مزید معلومات کیلئے ملاحظہ https://dda.health.maryland.gov/Pages/liss.aspx ملاحظہ کریں۔

## ہاوسنگ (فراہمی مکانات) کے وسائل

- **میری لینڈ** ہاؤسنگ (فراہمی مکانات) سرچ ڈیٹا بیس: میری لینڈ ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اور کمیونٹی ڈولپمینٹ کفیایتی ہاوسنگ (فراہمی مکانات) کیلئے قابل تلاش ڈیٹا بیس ہے۔ http://www.mdhousingsearch.org/
- میری لینڈ کفایتی اپارٹمنٹ کی تلاش: یہ ڈیٹا بیس امریکی محکمہ ہاوسنگ (فراہمی مکانات) اور اپارٹمنٹ کی شہری ترقی کا شعبہ کے ذریعہ رکھ رکھاؤ کیا جاتا ہے جو کم آمدنی والے کرایہ داروں کو ایچ یو ڈی کی طرف سے فنڈ موصول کرتا ہے۔ http://www.hud.gov/apps/section8/step2.cfm?state=MD
- ***GoSection8.com***: لوگوں کیلئے دستیاب گھروں کا ڈیٹا بیس رسیونگ سیکشن اور واوچرز۔ http://www.gosection8.com/

### کرایہ کا سبسڈی پروگرام

- میری لینڈ میں کم آمدنی والے ایسے لوگوں کی مدد کیلئے پروگرام ہیں جو اپنی کمیونٹی میں رہائش کا کرایہ ادا کرتے ہیں۔ تاہم ویٹنگ لسٹ بہت طویل ہے، اس لئے بہتر یہ ہے کہ جلد سے جلد درخواست دیں۔
- میری لینڈ معذوری کا شعبہ (ایم ڈی او ڈی) انتظامیہ کم آمدنی والے لوگوں کیلئے دو امدادی پروگرام چلاتا ہے:
  - جیری وجینٹ وینبرگ رعایتی رینٹل ہاوسنگ (فراہمی مکانات) مواقع برائے معذور افراد
  - سیکشن 811 پروجیکٹ رینٹل اسسٹنس برائے معذور افراد

معذور افراد سرکاری ہاوسنگ یا رینٹل اسسٹنس کیلئے ہاوسنگ (فراہمی مکانات) اختیار واوچر (سیکشن 8) پروگرام کے ذریعہ درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کے علاقے میں کس طرح کی مدد مل سکتی ہے یہ معلوم کرنے کیلئے اپنے ضلع کے پبلک ہاوسنگ (فراہمی مکانات) ایجنسی سے رابطہ کریں۔ نوٹ کریں: ایسٹرن شور، الیگینی، اور فریڈرک اضلاع کے باشندے؛ https://www.hud.gov/states/maryland/renting/hawebsites پر رابطہ کریں، جو آپ کے علاقوں میں پبلک ہاوسنگ (فراہمی مکانات) ایجنسی کا کام دیکھتے ہیں۔

## سرپرستی اور متبادل

ہر ایک منفرد افراد جن کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے ہے انہیں اپنی زندگی کے بارے میں فیصلے لینے کا حق حاصل ہے۔ تاہم کچھ لوگوں کو اہم فیصلے لینے میں مدد کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ سرپرستی اور مختارنامہ دو ممکنہ پائیدار متبادل فراہم کرتی ہے یہ یقینی بنانے کیلئے کہ معذور افراد کے امور مناسب طریقے سے نبھائیں جائیں۔ دونوں اختیارات میں کافی اہم فرق ہیں۔ مزید معلومات کیلئے براہ کرم رہنما کتابچہ، سرپرستی اور متبادل سے رجوع کریں۔

http://www.disabilityrightsmd.org/wp-content/uploads/2011/12/Guardianship-Handbook-2011.pdf

## مالی منصوبہ بندی/خصوصی ضروریات والی ٹرسٹ/اسٹیٹ پلاننگ

مالی منصوبہ بندی یہ سمجھنے کی اہلیت ہے کہ دنیا میں پیسہ کیسے کام کرتا ہے: کوئی اس کو کیسے کماتا ہے، وہ شخص اس کا نظم کیسے کرتا ہے، وہ کس طرح اس کو مزید ٹکڑوں میں تقسیم کر سکتا ہے اور کیسے وہ فرد دوسروں کی مدد کیلئے اس کا عطیہ کرتا ہے۔ خاص طور پر اس سے مراد مہارت اور علم کا مجموعہ ہے جو کسی فرد کو ان کی مالی معاملات میں باخبر اور موثر فیصلے کرنے کی سہولت دیتا ہے۔ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ معذور افراد کی انفرادی ضروریات سے واقف مالی منصوبہ ساز سے مشورہ کریں۔ چاہنے والوں کیلئے مالی منصوبہ بندی کسی بھی اہل خانہ کے لحاظ سے ایک مشکل کام ہو سکتا ہے، خاص طور پر ان افراد کے جن کے لواحقین معذور ہیں۔ معذور افراد پہلے کی نسبت طویل زندگی گزار رہے ہیں۔ لہذا والدین اور/یا سرپرستوں کیلئے یہ اہم ہوجاتا ہے کہ اگر وہ اپنی دیکھ بھال خود سے کرنے کے قابل نہ رہیں تو ان کیلئے مالی منصوبہ بندی کریں۔ ٹرسٹ ایک قانونی انتظام

ہے جہاں جہاں ایک فریق دوسرے فریق کے مالی فائدے کے لئے جائیداد رکھتا ہے۔ دیگر لفظوں میں اس کو ہولڈنگ ایریا کا ایک قسم مانا جا سکتا ہے، جہاں ایک ضامن یعنی وہ فریق جو ٹرسٹ بناتا ہے، ان کے اثاثہ جات کو نامزد مستفیدین میں تقسیم کرنے سے پہلے رکھے گا۔ ٹرسٹ کے ضامنین والدین، دادا دادی، قانونی سرپرست یا عدالت ہوسکتی ہے۔ مزید برآں، یہاں ٹرسٹ کی بہت سی قسمیں ہیں جس کا استعمال مختلف اہل خانہ کے حالات کیلئے کیا جا سکتا ہے۔

خصوصی ضروریات والی ٹرسٹ (ایس این ٹیز) (SNTs) ایک پیچیدہ قسم کا ٹرسٹ ہے، جس کا استعمال بہت سے اہل خانہ اپنے معذور رشتہ داروں کے مالی استحکام اور خصوصی ضروریات کیلئے کرتے ہیں۔ ان ٹرسٹ کا بنیادی طور پر مقصد رشتہ دار کو حکومتی امداد کی اہلیت کو برقرار رکھنا ہوتا ہے اور انہیں اعلی طرز زندگی گزارنے کی اہلیت کو برقرار رکھنے کی سہولت برقرار رکھنا ہے جو صرف سرکاری امداد سے ہی ممکن ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی کے جزو کے طور پر، ، جس سے مراد اپنے، فیملی ارکان، یا دوست لئے مطلوبہ مستقبل کا تصور کرنا ہے، اور اس کے بعد اور خدمات اور اعانت کی اقسام کی نشاندہی کرنا جن کی انہیں ضرورت ہے، ریاستی منصوبہ بندی اسی طرح کا ایک پہلو ہے جو اس منصوبہ بندی کی طرف اشارہ کرتا ہے جس میں آپ اپنی زندگی کے دوران یا اپنی موت کے بعد دوسرے لوگوں کو رقم یا اثاثے کس طرح منتقل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کارروائی کیلئے سوچ سمجھ کر کی گئی تیاری اور معاون اور جانکار افراد کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے جو آپ کے منصوبہ اور صحیح دستاویز کی تیاری میں آپ کی مدد کرسکے۔ لہذا جیسے ہی اہل خانہ کے ممبران اختیارات پر غور کرتے ہیں اور منصوبہ بندی کا عمل شروع کرتے ہیں یہ رہنما کتابچہ قیمتی وسائل کا کام انجام دیتا ہے۔

مستقبل اور اسٹیٹ پلاننگ رہنما کتابچہس اور کتابچہ کے نمونے ملاحظہ کرنے کیلئے ذیل میں دئے گئے ویب سائٹس ملاحظہ کریں:

- بچوں والے گھر اور ارتقاء پذیر معذور بالغوں کیلئے مستقبل اور حال کی منصوبہ بندی کیلئے رہنما کتابچہ
- مستقبل کی منصوبہ بندی
- جب آپ کا بچہ 18 سال کو پہنچ جائے: خصوصی ضرورت والی سرپرستی کیلئے رہنما کتابچہ
- ایبل اکاؤنٹس
- میری لینڈ ایبل پروگرام
- ایبل برائے قومی وسائل سنٹر
- خصوصی ضرورت کی نگہداشت کیلئے مالی منصوبہ بندی: ٹرسٹ برائے خصوصی ضروریات (ایس این ٹی ایز) (SNTs)

## حاصل کلام

طالب علم کی اسکول سے بلوغت کے سفر میں منتقلی کیلئے منصوبہ بندی ایک جزو لاینفک ہے۔ اسکول کا ماحول ترک کرنا جہاں انہوں نے 12 سالوں سے زیادہ کا عرصہ گزارا اور بلوغت کی انجان دنیا میں داخل ہونا طلباء اور ان کے اہل خانہ کیلئے پریشان کن ہو سکتا ہے۔ فی الحال بلوغت کی دنیا کی طرف منتقلی کیلئے طالب علم کے ٹیم ورک، اسکولی عملے، فیملی اور کمیونٹی کے ساتھ مل کر احتیاط کے ساتھ کی گئی منصوبہ بندی ان کی گھبراہٹ میں کمی لائے گا۔

بالغوں کی دنیا میں داخلے کے بعد طلباء کی زندگی کیسی ہوگی ابھی سے اس کی منصوبہ بندی کرنا جلد بازی نہیں ہوگی۔

اس رہنما کتابچہ کا مقصد ان اہل خانہ اور پیشہ ور افراد کیلئے وسائل کے طور پر خدمات انجام دینا ہے جو طلباء کی ہائی اسکول سے کیریئر،مابعد ثانوی تعلیم، اور معاشرتی زندگی میں منتقل ہونے میں مدد کریں گے۔ یہ ایک ابتدائی نقطہ اور منصوبہ بند ٹول ہے جس کا استعمال آئی ای پی (IEP) ٹیم کے ساتھ مل کر ضروری امداد اور خدمات کی منصوبہ بندی کرنی ہے اور محفوظ بنانا ہے جو منتقلی کو ہموار اور بے جوڑ بنائےگا۔

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

# ضمیمہ الف

## منتقلی کا مقررہ وقت- 21 سال کی عمر میں اسکولی نظام سے نکلنے والے طلباء اور ڈی ڈی خدمات کیلئے اہل افراد کے واسطے سرگرمیاں

| عمر/مقررہ وقت | منتقلی کا مقررہ وقت- 21 سال کی عمر میں اسکولی نظام سے نکلنے والے طلباء اور ڈی ڈی خدمات کیلئے اہل افراد کے واسطے سرگرمیاں |
|---|---|
| عمر 15/14 (یا کم عمر اگر موزوں ہو) | • اہلیت، مضبوطی اور چیلنجز کی شناخت شروع کریں۔<br>• معذوری کے بارے میں جانیں اور یہ لرننگ اور زندگی کی دیگر سرگرمیوں کو کس طرح متاثر کرتا ہے اس سے واقف ہوں۔ https://www.youthhood.org/hangout/km_disability.asp<br>• خود کی تائید سے شروع کریں۔ آئی ای پی (***IEP***) میٹنگ میں شامل ہوں اور شرکت کریں۔ https://marylandlearninglinks.org/<br>• سالانہ منتقلی تشخیص میں حصہ لینا شروع کریں (یعنی کیریئرکیریئر انٹریسٹ انوینٹریز، طلباء کا انٹرویو)۔ http://nsttac.org/content/age-appropriate-transition-assessment-toolkit-3rd-edition<br>• کیریئر میں دلچسپی اور ثانوی تعلیم کے بعد کے اہداف کی شناخت کا آغاز کریں۔<br>• جانیں کہ اسکول ضلع کے اندر منتقلی کیلئے مدد کس طرح فراہم کی جاتی ہے۔ منتقلی کے عملے کی شناخت کریں۔<br>• سالانہ آئی ای پی (***IEP***) اجلاس میں ابتدائی منتقلی پلان تیار کریں۔ منتقلی پلان آئی ای پی (***IEP***) سال کا طالب علم اس وقت تیار کرتا ہے جب ان کی عمر 14 سال ہوتی ہے اور سالانہ اس میں اپڈیٹ کیا جاتا ہے۔ http://www.mdtransitions.org/<br>• ارتقائی معذوری انتظامیہ (ڈی ڈی اے) (DDA) کیلئے درخواست دیں۔ https://dda.health.maryland.gov/pages/Home.aspx<br>• اگر ہائی اسکول میں داخلہ ہے تو پری امپلائمنٹ ٹرانزیشن سروسز (پری ٹیسٹ) کے بارے میں بازآبادی کاری خدمات کے شعبہ (ڈی او آر ایس) (DORS) کے ذریعہ تفتیش کریں۔<br>• اگر طالب علم اور اہل خانہ خدمات کیلئے درخواست دینے میں دلچسپی رکھتے ہوں تو ڈی ڈی اے (DDA) یا ڈی او آر ایس (DORS) کے ساتھ تعلیمی معلومات ساجھا کرنے کیلئے تحریری رضامندی دیں۔<br>• کمیونٹی ٹرانزشن میلے اور ورکشاپس میں حصہ لینا شروع کریں۔<br>• منتقلی منصوبہ بندی کا گھریلو فائل بنائیں۔<br>• اپنے اسکول کے ذریعہ پیش کردہ کمیونٹی پر مبنی تدریسی مواقع دریافت کریں اور ان میں حصہ لیں۔ |
| عمر 17/16 | • آپ کے اسکول ضلع کے ذریعہ پیش کردہ روزگار ٹریننگ مواقع دریافت کریں اور حصہ لیں۔<br>• موٹر وہیکل اڈمنسٹریشن کی طرف سے میری لینڈ اسٹیٹ شناختی کارڈ حاصل کریں۔ http://www.mva.maryland.gov/Driver-Services/apply/id-card.htm<br>• سفری ٹریننگ پر غور کریں۔ اپنی کمیونٹی میں سفر کرنے کیلئے سرکاری نقل و حمل کا استعمال کریں۔ https://www.mobilityequity.org/travel-training<br>• حرکت پذیری /پیرا ٹرانزٹ خدمات کیلئے حرکت پذیری درخواست فارم جمع کرائیں۔ http://mta.maryland.gov/mobility<br>• ڈرائیور کا لائسنس حاصل کرنے پر غور کریں۔ http://www.mva.maryland.gov/drivers/apply/apply.htm http://dors.maryland.gov/consumers/WTC/Documents/Driving.pdf<br>سوشل نیٹ ورک بنائیں۔ تفریح طبع اور سماجی تقریبات کیلئے دوستوں کے ساتھ تعلق پیدا کریں جو اسکول سے نکلنے کے بعد بھی جاری رہے۔ |
| عمر 18/17 | • معاون نیٹ ورک بنائیں۔ ایسے لوگوں کی فہرست بنائیں جن سے مدد طلب کی جا سکتی ہے۔<br>• ہیلتھ کیئر کنیکشن بنائیں۔ ماہر امراض اطفال سے بالغوں کے ہیلتھ کیئر نظام میں تبدیل کرنے کا منصوبہ بنائیں۔<br>• مستقبل کی ضروریات کی منصوبہ بندی کے بارے میں ایک اٹارنی سے رابطہ کرنے پر غور کریں۔ |

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

| | |
|---|---|
| | • مختار نامہ یا سرپرستی کی ضرورت کا جائزہ لیں۔ مجوزہ کتابچے: سرپرستی اور اس کے متبادلات۔https://aging.maryland.gov/Pages/default.aspx<br>• اہلیتی اسٹیٹس اور ترجیحی زمرہ کی تصدیق کیلئے ڈی ڈی اے (DDA) علاقائی دفتر سے رابطہ کریں۔<br>• ڈی ڈی اے (DDA) علاقائی دفاتر سے رابطے سے جڑی معلومات یہاں مل سکتی ہے: https://dda.health.maryland.gov/Pages/coordination%20of%20community%20services.aspx<br>• کوآرڈی نیشن آف کمیونٹی سروسز فراہم کنندگان دریافت کریں اور منتخب کریں۔ اپنے علاقے میں کوآرڈی نیشن آف کمیونٹی سروسز فراہم کنندگان تلاش کرنے کیلئے ملاحظہ کریں: https://dda.health.maryland.gov/Pages/coordination%20of%20community%20services.aspx<br>• اسکولی نظام سے نکلنے پر معاونتی ٹیکنالوجی (اگر مناسب ہو) آپشن دریافت کریں |
| **عمر 18** | • تعاون کردہ ملازمت اورآپ کے اسکول ضلع میں پیش کردہ کام پر مبنی لرننگ کے مواقع دریافت کریں۔<br>• کمیونٹی منتقلی میلے اور ورکشاپس میں حصہ لیں۔ ضمنی سیکیورٹی کی آمدنی (ایس ایس آئی) (***SSI***) کیلئے درخواست دیں۔ http://ssa.gov<br>• طبی امداد کیلئے درخواست دیں۔ https://mmcp.health.maryland.gov/Pages/Am%20I%20Eligible.aspx .<br>• فوائد کی کونسلنگ اور منصوبہ بندی پر غور کریں۔mdtransitions.org/benefits-counselors/ mdbenefitscounseling.org/<br>• مالی اور مستقبل کی منصوبہ بندی شروع کریں۔<br>• اگر ابھی تک مکمل نہیں کیا ہے، تو کوآرڈی نیشن آف کمیونٹی سروسز (سی سی ایس) (CCS) فراہم کنندہ منتخب کریں۔<br>• مستقبل کیلئے لائحہ عمل تیار کرنے کے واسطے اپنے کوآرڈی نیٹر آف کمیونٹی سروس (سی سی ایس) (CCS) سے ملیں۔<br>• منتخب شدہ سروس کیلئے رجسٹر کریں (اگر مرد ہیں)۔ http://www.sss.gov<br>• ووٹ کیلئے اندراج کرائیں۔<br>• رہائش کے انتظامات کے اختیارات دریافت کریں۔ (آزاد، کمرہ کے ساتھ، جن گروپ کے ساتھ رہنا ہے وغیرہ)<br>• اپنی کمیونٹی میں رعایتی ہاؤسنگ (فراہمی مکانات) دریافت کریں۔ https://www.hud.gov/states/maryland/renting/hawebsites |
| **عمر 19-20 (نکلنے کے سال سے قبل)** | • اگر ابھی تک تعین نہیں کیا ہے تو ارتقائی معذوری انتظامیہ (ڈی ڈی اے) (DDA) سے اہلیتی اسٹیٹس کیلئے رابطہ کریں۔<br>• نکلنے کا سال آنے سے قبل بازآباد کاری خدمات کے شعبہ (ڈی او آر ایس) (DORS) میں درخواست دیں۔ https://dors.maryland.gov/Pages/default.aspx<br>• بازآباد کاری خدمات کے شعبہ (ڈی او آر ایس) (DORS) کے ذریعہ کیریئر کی تشخیص پر غور کریں۔<br>• کمیونٹی ایڈلٹ سروس فراہم کنندگان کا دورہ شروع کریں۔ https://dda.health.maryland.gov/Pages/Self-Determination.aspx<br>• اگر خود ساختہ رہنمائی والی خدمات کے بارے میں دلچسپی ہو تو خود ساختہ رہنمائی والی خدمات کا جائزہ لیں۔ https://dda.health.maryland.gov/Pages/sdforms.aspx<br>• اگر خود ساختہ رہنمائی والی خدمات منتخب کر رہے ہوں، تو سپورٹ بروکر اور مالی انتظامی خدمات چنیں۔<br>• مابعد ثانوی تعلیم اور ٹریننگ اختیارات منتخب کریں۔<br>• اگر ضرورت محسوس ہو تو بالغ کے ذہنی ہیلتھ کیئر دریافت کریں۔ |

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

| | |
|---|---|
| **عمر 20-21 (آخری سال کے اکتوبر/نومبر)** | • متعدد ان خدمت فراہم کنندگان کے پاس درخواست جمع کرائیں جو آپ کی ضرورتوں کو بہتر طریقے سے پوری کرتے ہیں۔<br>• ایک بالغ امور کے فراہم کنندہ کے انتخاب کو حتمی شکل دیں۔<br>• آئی ای پی (IEP) اجلاس سے نکلنے کیلئے بالغ امور کے فراہم کنندہ کو بلائیں۔<br>• ارتقائی معذوری انتظامیہ (ڈی ڈی اے) (DDA) میں سروس فنڈنگ پلان جمع کرانے کیلئے اپنے کوآرڈی نیٹر آف رسورس سروسز اور بالغ امور کے فراہم کنندہ کے ساتھ کام کریں۔<br>• اگر خود ساختہ رہنما خدمات منتخب کرتے ہیں تو اپنے بروکر کی مدد سے خود ساختہ رہنما پلان تحریر کرنا شروع کریں۔<br>• ارتقائی معذوری انتظامیہ (ڈی ڈی اے) (DDA) کی طرف سے فنڈ سازی فوری طور پر دستیاب نہ ہونے کی صورت میں ایک ہنگامی پلان تیار کریں۔<br>• نقل و حمل کے اختیارات دریافت کریں (یعنی کام پر اور کمیونٹی وغیرہ کے آس پاس کیسے جانا ہے)۔ |
| **عمر 20/21 (آخری سال کی بہار)** | • اسکول منتقلی عملہ، بالغ امور کے فراہم کنندہ اور کمیونٹی وسائل کے کوآرڈی نیٹر کے ساتھ مل کر کام کریں تاکہ اسکولی نظام سے ایڈلٹ سروس ڈلیوی سسٹم میں منتقلی کو ہموار بنایا جائے۔ |

## منتقلی کا ٹائم لائن- 18 سال میں گریجویٹ ہونے والے طلباء کیلئے

| **عمر/ٹائم لائن** | 18 سال میں گریجویٹ ہونے والے طلباء کیلئے منتقلی ٹائم لائن کی سرگرمیاں |
|---|---|
| **عمر/14 (مڈل اسکول کا آخری سال)** | • اہلیت، مضبوطی، اور چیلنجز کی شناخت شروع کریں۔<br>• معذوری کے بارے میں جانیں اور یہ تعلیم اور زندگی کی دیگر سرگرمیوں کو کس طرح متاثر کرتا ہے اس سے واقف ہوں۔ https://www.youthhood.org/hangout/km_disability.asp<br>خود کی تائید کی مہارت پیدا کرنے کی مشق کریں۔ آئی ای پی (***IEP***) میٹنگ میں شامل ہوں اور شرکت کریں۔ https://marylandlearninglinks.org/<br>• سالانہ منتقلی تشخیص میں حصہ لینا شروع کریں (یعنی کیریئر انٹریسٹ انوینٹریز، طلباء کا انٹرویو)۔ https://transitionta.org/toolkitassessment<br>• کیریئر میں دلچسپی اور ثانوی تعلیم کے بعد کے اہداف کی شناخت کا آغاز کریں۔<br>• جانیں کہ اسکول ضلع کے اندر منتقلی کیلئے مدد کس طرح فراہم کی جاتی ہے۔ منتقلی کے عملے کی شناخت کریں۔<br>• سالانہ آئی ای پی (***IEP***) اجلاس میں ابتدائی منتقلی پلان تیار کریں۔ منتقلی پلان آئی ای پی (***IEP***) سال کا طالب علم اس وقت تیار کرتا ہے جب ان کی عمر 14 سال ہوتی ہے اور سالانہ اس میں اپڈیٹ کیا جاتا ہے۔ http://www.mdtransitions.org/<br><br>• ڈپلوما حاصل کرنے کیلئے ایک 5 سالہ منصوبہ پر غور کریں۔<br>• اگر موزوں ہو تو ارتقائی معذوری انتظامیہ (ڈی ڈی اے) (***DDA***) میں درخواست دیں۔ https://dda.health.maryland.gov/pages/Home.aspx<br>• اگر ہائی اسکول میں داخلہ ہے تو پری امپلائمنٹ ٹرانزشن سروسز (پری ٹیسٹ) کے بارے میں بازآبادی کاری خدمات کے شعبہ (ڈی او آر ایس) (DORS) کے ذریعہ تفتیش کریں۔<br>• اگر طالب علم اور اہل خانہ خدمات کیلئے درخواست دینے میں دلچسپی رکھتے ہوں تو ڈی ڈی اے (DDA) یا ڈی او آر ایس (DORS) کے ساتھ تعلیمی معلومات ساجھا کرنے کیلئے تحریری رضامندی دیں۔<br>• منتقلی منصوبہ بندی کا گھریلو فائل بنائیں۔ |
| **فریش مین سال (گریڈ 9)** | • ہائی اسکول کورس آف اسٹڈی منتخب کرنے کیلئے رہنما کتابچہ کونسلر سے ملیں (تکمیل کنندہ پروگرام) http://marylandpublicschools.org/programs/Documents/CTE/CTE%20Programs%20of%20Study/CTEBlueBook2017.pdf<br>• ضروری درسگاہ رہائش سے واقفیت حاصل کریں۔ |

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

| | |
|---|---|
| | • سوشل اور سپورٹ نیٹ ورک پیدا کریں۔<br>• رہنما کتابچہ کونسلر کے ساتھ گریجویشن کے تقاضوں کا جائزہ لیں۔ |
| **سوفومور سال (گریڈ 10)** | • دلچسپی والے کیریئر کی تحقیق کریں۔ تجارتی مراکز جائیں۔ جاب شیڈوئنگ کا انتظام کریں۔<br>• موٹر وہیکل انتظامیہ سے میری لینڈ ریاستی شناخت حاصل کریں۔ http://www.mva.maryland.gov/drivers/apply/id-card.htm<br>• کالج بورڈ رہائش کیلئے درخواست دینے کے واسطے اسکول ٹیم سے ملیں۔ https://www.collegeboard.org/students-with-disabilities/request-accommodations<br>• پی ایس اے ٹی (PSAT) لیں۔<br>• رہنما کتابچہ کونسلر سے گریجویشن کے تقاضوں کا جائزہ لیں۔<br>• نقل و حمل کے اختیارات دریافت کریں۔ سفری ٹریننگ پر غور کریں۔ اپنی کمیونٹی میں سفر کرنے کیلئے سرکاری نقل و حمل نظام کا استعمال کریں۔<br>• حرکت پذیری/پیرا ٹرانزٹ خدمات کیلئے منتقلی درخواست فارم جمع کرائیں۔ http://mta.maryland.gov/mobility<br>• ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے پر غور کریں۔ http://www.mva.maryland.gov/drivers/apply/apply.htm http://dors.maryland.gov/consumers/WTC/Documents/Driving.pdf |
| **جونیر سال (گریڈ 11)** | • نکلنے کا سال آنے سے قبل بازآباد کاری خدمات کے شعبہ (ڈی او آر ایس) (DORS) میں پیشہ ورانہ باز آباد کاری خدمات کیلئے درخوست دیں۔ http://dors.maryland.gov/Pages/default.aspx<br>• باز آباد کاری خدمات کے شعبہ کے ذریعہ کیریئر تشخیص پر غور کریں۔<br>• کالج بورڈ رہائش میں درخواست دینے کیلئے اسکول ٹیم سے ملیں۔ https://www.collegeboard.org/students-with-disabilities/request-accommodations<br>• پی ایس اے ٹی (PSAT) لیں<br>• ڈرائونگ لائسنس حاصل کرنے پر غور کریں۔ http://www.mva.maryland.gov/drivers/apply/apply.htm http://dors.maryland.gov/consumers/WTC/Documents/Driving.pdf<br>• جزو وقتی/موسم گرما کی ملازمت پر غور کریں۔<br>• ریسرچ کالجز، ٹریڈ اسکول، ٹریننگ پروگرام، فوجی اور روزگار کے مواقع۔ رہنما کتابچہ کونسلر اور/ یا منتقلی عملے سے بات چیت کریں۔<br>• ثانوی تعلیم کے بعد کا ہدف طے کریں۔<br>• کالجز، ٹریڈ اسکول اور/یا مابعد ثانوی تعلیم ہونے والے ٹریننگ پروگراموں میں جائیں۔ اگر فوج میں آپشن تلاش کر رہے ہیں تو فوجی میں تقرری کرنے والوں سے ملیں اور اے ایس وی اے بی (ASVAB) لیں۔ military.com/join-armed-forces/asvab<br>• گریجویشن میں ملازمت میں داخل ہو رہے ہیں تو نوکری کے مواقع تلاش کریں۔ اپنی کمپنیوں میں نکلنے والی نوکریوں کے بارے میں معلوم کرنے کیلئے اہل خانہ اور دوستوں کا ایک نیٹ بنائیں۔<br>• کمیونٹی کالج اور 4 سالہ یونیورسٹی پروگراموں کے درمیان فرق کو سمجھیں۔<br>• مابعد ثانوی تعلیمی پروگراموں کیلئے وفاقی اور ریاستی مالی امداد اور اسکالرشپس کے بارے میں تحقیق شروع کریں۔<br>• ہائی اسکول سے کالج منقلی پروگراموں کے بارے میں معلوم کریں/حصہ لیں۔<br>رہنما کتابچہ کونسلر کے ساتھ گریجویشن کے تقاضوں کا جائزہ لیں۔ |
| **سینئر سال (گریڈ 12)** | • ایس اے ٹی (SAT) اور/یا اے سی ٹی (ACT) لینے کی تیار کریں http://sat.collegeboard.org/home?affiliateId=nav&bannerId=g-cbh-sat http://www.actstudent.org/ https://www.collegeboard.org/students-with-disabilities/request-accommodations<br>• اگر کمیونٹی کالج میں داخلہ لے رہے ہیں تو اکیوپلیسر لینے کی تیاری کریں۔اگر طالب علم کی زمرہ بندی خصوصی مدد کے محتاج کے طور پر کی گئی ہے ("کالج کیلئے تیار نہیں")، تو کالج سے پہلے ہدایات کیلئے تعلیمی خدمات حاصل کریں۔ http://accuplacer.collegeboard.org/students |

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

| | |
|---|---|
| • کالجچ یا مابعد ثانوی پروگراموں کیلئے درخواست دیں یا ملٹری میں اندراج کرائیں۔<br>• اگر مابعد ثانوی اسکولوں میں درخواست دے رہے ہیں تو معذوری معاونتی مرکز سے رابطہ کریں۔<br>• اگر ملازمت میں داخل ہو رہے ہیں تو درخواست جمع کرانا شروع کریں۔<br>• اسکالر شپ اور اس کی منظوریوں کیلئے درخواست دیں۔<br>• مابعد ثانوی تعلیمی پروگراموں یا ملازمتی مواقع کے بارے میں بات چیت کرنے کیلئے ڈی او آر ایس (DORS) کونسلر سے ملیں۔<br>• اگر آپ اہل ہیں تو ضمنی سیکیورٹی انکم (ایس ایس آئی) (SSI) کیلئے 18 سال کی عمر درخواست دیں ۔ http://ssa.gov<br>• ایس ایس آئی (SSI) اور ایس ایس ڈی آئی (SSDI) موصول کرنے والے افراد کمیونٹی کالج ٹیوشن بازنامہ میں درخواست دینے کے اہل ہیں۔ https://mhec.maryland.gov/preparing/Pages/FinancialAid/ProgramDescriptions/prog_disabilities.aspx<br>• جنوری 1 اور مارچ 1 کے درمیان وفاقی اور ریاستی مالی مدد کیلئے درخواست دیں۔ https://fafsa.ed.gov/<br>• اگر ضرورت ہو تو بلوغتی دماغی ہیلتھ کیئر دریافت کریں۔<br>• اسکولی نظام سے نکلنے پر معاونتی ٹیکنالوجی اختیارات دریافت کریں (اگر مناسب ہو)۔<br>• اگر اہل ہوں تو طبی امداد کیلئے درخواست دیں۔ https://mmcp.health.maryland.gov/Pages/Am%20I%20Eligible.aspx<br>• 18 سال کی عمر میں (اگر مرد ہیں) منتخب سروس کیلئے اندراج کرائیں۔ http://www.sss.gov<br>• 18 سال کی عمر میں ووٹ کیلئے اندراج کرائیں۔<br>• پیڈیاٹرک ہیلتھ کیئر سے اڈلٹ (بالغ) ہیلتھ کیئر نظام میں تبدیل کریں۔<br>• کالج میں قبول کیے جانے پر معذوری معاونتی خدمات حاصل کریں | |

# ضمیمہ ب

## مابعد ثانوی تعلیمی رہائش سے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات (ایف اے قیو)

2004 کے معذور لوگوں سے متعلق ایکٹ (آئی ڈی ای اے) (**IDEA**) کے تحت ضروری ہےکہ ایک معذور طالب علم کے پاس آئی ای پی (**IEP**) ہو۔ تاہم آئی ڈی ای اے (**IDEA**) کالجوں، ٹریڈ اسکولوں، یا یونیورسٹیوں پر اطلاق نہیں ہوتا ہے۔ یہ اسکول دیگر وضع کردہ وفاقی قوانین کے تحت چلائے جاتے ہیں جس میں امریکک معذوری ایکٹ (اے ڈی اے) (**ADA**) اور پیشہ ورانہ بازآباد کاری ایکٹ کا سیکشن 504 شامل ہے۔

- ❖ **مابعد ثانوی اسکولوں میں رہائش حاصل کرنا**

**کیا میں انفرادی تعلیمی پروگرام آئی ای پی (IEP) جاری رکھوں گا؟**

نہیں، کالج کی سیٹنگ میں آئی ای پی (**IEP**) کا تصور نہیں ہے۔ کالجز، ٹریڈ اسکولوں اور یونیورسٹیوں کی ذمہ داریاں ہائی اسکولوں سے بہت مختلف ہوتی ہیں۔ دوسرا اہم فرق یہ ہے کہ مابعد ثانوی اسکول صرف بالغ نوجوانوں کے ساتھ کام کرتے ہیں والدین سے کوئی مطلب نہیں ہوتا۔ بالغ نوجوانوں کی کالج طالب علم کے طور پر بڑی ذمہ داریاں ہوتی ہیں۔ یہ قوانین نوجوانوں پر ذمہ داری عائد کرتی ہیں کہ وہ خدمات کی درخواست کریں اور معذوری سے متعلق موزوں دستاویزات فراہم کرائیں۔ نوجوان بالغوں پر لازم ہوتا ہے کہ وہ اس عمل کا آغاز کریں اور مناسب رہائش کی درخواست میں فعال طور پر شریک ہوں۔

**کیا ہائی اسکول کی طرح مجھے رہائش ملے گی؟**

ایسا قطعی ضروری نہیں ہے۔ آئی ای پی (IEP) مابعد ثانوی تعلیم جاری نہیں رہتی ہے۔ مابعد ثانوی تعلیم اسکول معلومات اکٹھی کرنے اور دستاویزات کا جائزہ لینے کے تعین کرے گا کہ طالب علم کو کس طرح کی رہائش ملنی چاہئے۔

- ❖ **مابعد ثانوی اسکولوں میں معذوری کی خدمات حاصل کرنا**

**خدمات حاصل کرنے کیلئے مجھے کہاں جانا ہوگا؟**

ہر ایک مابعد ثانوی اسکول میں مفرد لوگ ہوتے ہیں جو معذور طلباء کی مدد کرتے ہیں۔ یہ منفرد لوگ معذوری معاونتی خدمات (ڈی ڈی ایس) (DSS) ہوتے ہیں۔ تعلیمی رہائش اور/یا دیگر خدمات موصول کرنے کیلئے نوعمر بالغوں کو سب سے پہلے چاہئے کہ وہ ڈی ایس ایس دفتر کی شناخت کرے۔ یہ نوعمر بالغ کی ذمہ داری ہے کہ ضروری تعاون کے بارے میں مابعد ثانوی اسکول میں بات چیت کرے۔

**مجھے خدمات کی درخواست کب کرنی چاہئے؟**

حالانکہ نو عمر بالغ کسی بھی وقت مابعد ثانوی اسکولوں سے رہائش کی درخواست کر سکتا ہے، لیکن صلاح دی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد ڈی ایس ایس (DSS) آفس سے ملاقات کرے اور سمسٹر شروع ہونے سے کم سے کم ایک مہینہ قبل ضرور یہ کام کرے۔ خدمات کا انتظام کرنے اور رہائش لینا بھی وقت طلب کام ہے۔ کبھی کبھار تعلیمی موافقت پذیری میں دوسرے کاموں کے مقابلے زیادہ وقت لگ جاتا ہے۔ رہائش میں کبھی بھی لیٹ لطیفی نہیں کرنی چاہئے۔ کبھی بھی اتنا انتظار نہ کریں تعلیمی نظام میں مشکل درپیش ہونے لگے۔

**مجھے کس طرح کی دستاویزات فراہم کرانا ہونگی؟**

اسکول دستاویزات کیلئے مناسب معیار طے کرتا ہے۔ کچھ اسکولوں میں دوسروں کے مقابلے میں زیادہ دستاویزات کی ضرورت پڑ سکتی ہے، لیکن تمام اسکولوں میں نو عمر بالغوں کو کسی مناسب اہل پیشہ ور افراد کے ذریعہ تیار کردہ دستاویزات فراہم کرانے کی ضرورت ہوگی۔ اس نو عمر بالغ کو ضروری دستاویزات کے حصول پر آنے والے **فیس کے اخراجات** برداشت کرنے پڑیں گے۔ دستاویزات کے ضروری اجزاء میں شامل ہیں:

- معذوری کی نشاندہی کرنے والا ایک تشخیصی بیان۔
- استعمال شدہ تشخیصی طریقہ کار، متوقع پیش رفت یا معذوری کا استحکام، اور حالیہ اور ماضی کی رہائشیں، خدمات اور/یا ادویات کی تازہ ترین تفصیلات۔
- رہائش کی سفارشات، اختیاری آلات، معاونتی خدمات، معاوض حکمت عملیاں، اور/یا ہم پہلو معاونتی خدمات۔

- **مابعد ثانوی اسکولوں میں رہائش کا حصول**
**کس طرح کی رہائش فراہم کی گئی ہے؟**

رہائش دراصل تعلیمی تقاضوں میں ایک قسم کی ترمیمات ہیں جو اہل معذور نوعمر بالغوں کے یکساں رسائی کو یقینی بنانے کیلئے ضروری ہے۔ مناسب رہائش میں شامل ہو سکتی ہیں:

- ٹیسٹ میں وقت کی توسیع
- متبادل فارمیٹ میں کتابیں
- اشاروتی زبان کے مترجمین
- اسکرین ریڈرز
- آواز شناس
- دیگر معاونتی ٹیکنالوجی

ڈی ایس ایس دفتر مناسب رہائش طے کرنے کیلئے نوعمر بالغ کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ اگر یہ بنیادی متبادل نصاب تعلیم تیار کرتا ہے تو پھر ایک رہائش فراہم نہیں کی جا سکتی ہے۔ ضروری نصاب تعلیم کو درکنار کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ معذور طلباء کیلئے ضروری ہے کہ وہ گریجویٹ ہونے کے واسطے مطالعاتی پروگرام کے تقاضوں کو پورا کریں۔

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

# ضمیمہ ج

## مخصوص افراد

یہاں منتقلی سے متعلق دیگر قسم کی امداد اور خدمات ہیں جس کی مخصوص قسم کے معذور لوگوں کو ملازمت حاصل کرتے ہوئے، مابعد ثانوی تعلیم، اور کمیونٹی سرگرمیوں انجام دیتے وقت ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ان میں سے چند کے بارے میں ذیل میں بات چیت کی جا رہی ہے۔ مخصوص افراد (جیسے خود فکری، گونگا/بہرا، نابینا/کم بصیرت والے) کے بارے میں مزید معلومات کیلئے میری لینڈ ٹرانزیشن ویب سائٹ ملاحظہ کریں:https://mdtransitions.org/ اہل خانہ سے متعلق مخصوص سہارے کے بارے میں معلومات کیلئے میری لینڈ کے والدیت کی جگہ https://www.ppmd.org/ پر ملاحظہ کریں یا اپنے مقامی اسکولی نظام میں پیرنٹ سورس سنٹر دیکھیں۔

### خود فکری میں مبتلا شخص

آٹزم سپیکٹرم ڈس آرڈر(اےایس ڈی) (ASD) کی وضاحت مخصوص قسم کے برتاؤ اور "سپیکٹرم کنڈیشن" کے ذریعہ کی جاتی ہے اور جو منفرد شخص کو الگ الگ اور مختلف درجہ میں متاثر کرتا ہے۔ ان خصوصیات کا مشاہدہ عام طور پر تین سال کی عمر سے قبل ہی ہو جاتا ہے اور تعلیمی کاکردگی پر اس کا معکوس اثر دیکھنے کو ملتا ہے۔ اس نقص میں مبتلا بچے بہت زیادہ درجہ کے فعال (جن بچوں میں آٹزم نہیں ہوتا اس سے تقریبا بے شناخت) سے لے کر بدرجہ غایت میں ہوتے ہیں۔ آٹزم سے وابستہ کچھ طرز عمل میں زبان سیکھنے میں تاخیر، آنکھ سے رابطہ کرنے یا گفتگو کرنے میں دشواری شامل ہے؛ فعالیت کو نافذ کرنے میں دشواری، جو مناسبت اور منصوبہ بندی سے جوڑتی ہے؛ تنگ، شدید دلچسپی؛ کمزور موٹر اسکلس اور سنسری حساسیت۔ سپیکٹرم پر کوئی شخص ان میں سے بہت سے برتاؤ یا بس چند، یا اس کے علاوہ بہت سی دیگر چیزوں کو پکڑ سکتا ہے۔ آٹزم سپیکٹرم ڈس آرڈر کی تشخیص کا اطلاق تمام برتاؤ اور ان کی شدت کے تجزیہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

مزید معلومات اور دستیاب وسائل کے بارے میں جاننے کیلئے ملاحظہ کریں: http://www.pathfindersforautism.org/ یا https://www.autismspeaks.org/۔

### بہرہ/ اونچا سننا

- بہرہ: معذوری کیلئے منفرد ایکٹ (آئی ڈی ای اے) (IDEA) کے مطابق بہرہ کی دفتری تشریح ہے کہ "سننے کا وہ نقص اتنا شدید ہو کہ بچہ میں صوتی سطح کو بڑھاتے ہوئے یا بڑھائے بغیر سماعت کے پروسیسنگ لنگوسٹک انفارمیشن کا نقص درپیش ہو۔" "صوتی سطح کو بڑھاتے ہوئے یا بغیر بڑھائے" والا جملہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے اس لئے کہ یہ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ صوتی آلہ اتنی سہولت فراہم نہیں کرے گا کہ طالب علم درسگاہ میں کامیاب ہو سکے۔
- اونچا سننا:وہ طلباء جن میں اونچا سننے یا سننے کی درجہ میں کچھ حد تک کی کمی یعنی ہلکے سے گہرے درجہ تک کی کمی ہے۔ جو اونچا سنتے ہیں انہیں صوتی آلہ یا دیگر سننے کا معاون آلہ کے استعمال سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ وہ دوسروں کے ساتھ بات چیت کرنے میں بنیادی طور پر انگریزی بولنے کی صلاحیت پر منحصر کرتے ہیں۔

مزید معلومات اور دستیاب وسائل کے بارے میں جاننے کیلئے ملاحظہ کریں: www.nationaldeafcenter.org

### نابینا/کم بصیرت والا

- آئی ڈی ای اے (IDEA) کے مطابق بصری نقص آنکھوں کی روشنی کی وہ کمی ہے جو کریکٹیو کے ساتھ بھی بچے کی تعلیمی کارکردگی پر بھی برا اثر ڈالتی ہے۔ اس میں جزوی اور نابینائی دونوں الفاظ شامل ہوتے ہیں۔ جزوی نظر کو کم بصیرت کہا جا سکتا ہے (عام دوری سے اصلاحی لینس کے ذریعہ بھی نہیں پڑھا جا سکتا ہے)، اندھا پن کا مطلب قانونی طور پر نابینا (صحیح آنکھ میں 20/200 سے کم)، محدود ایریا میں بینائی، یا پوری طرح نابینا (کوئی روشنی نہیں) ہونا ہے۔

- بصری نقص کے شکار طلبا کو بھی وہی مضامین اور علمی مہارتیں سیکھنی ہوں گی جن کی ان کے ہم خیال ساتھی کو ضرورت ہوگی، حالانکہ وہ ممکنہ طور پر ڈھالنے والے طریقوں سے ایسا کریں گے۔ ان کو لازمی طور پر وژن سے وابستہ مہارتوں کا ایک وسیع سیٹ بھی سیکھنا پڑے گا۔

مزید معلومات اور دستیاب وسائل کے بارے میں جاننے کیلئے ملاحظہ کریں:

باز آبادی کاری کی خدمات کا شعبہ

ان افراد کے لئے بازآباد کاری خدمات اور وسائل کا رہنما کتابچہ جو بینائی سے محروم ہیں یا شدید طور پر بینائی میں نقص ہے
http://dors.maryland.gov/Brochures/blind_guide.pdf

میری لینڈ اسکول برائے نابینا The Maryland School for the Blind
3501 Taylor Avenue
Baltimore, MD 21236
(401) 444-5000
https://www.marylandschoolfortheblind.org/

امریکن ایسوسی ایشن برائے گونگا- نابینا American Association of the Deaf-Blind
8630 Fenton Street, Suite 121
Silver Spring, MD 20910-3803
(301) 495-4403
ٹی ڈی ڈی/ٹی ٹی وائی ٹیلیفون: (304) 495-4402
ای میل: AADB-Info@aadb.org
http://www.aadb.org/

کولمبیا لائٹ ہاوس برائے نابینا Columbia Lighthouse for the Blind
8720 Georgia Avenue Suite 210
Silver Spring, MD 20910
301-589-0894
http://www.clb.org/

نیشنل فڈریشن برائے نابینا National Federation of the Blind
200 East Wells Street
at Jernigan Place
Baltimore, MD 21230
(410)-659-9314
Fax: (410)-685-5653
https://nfb.org/

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

# ضمیمہ د

## الفاظ اور مخفف الفاظ

اے ڈی اے (ADA)- امریکن ود ڈس ایبلٹیی ایکٹ- معذور لوگوں کیلئے شہری حقوق کے ایکٹ

اے ایس ڈی (ASD)– آٹزم سپیکٹرم ڈس آرڈرز

اے ایس وی اے بی (ASVAB)- آرمڈ سروسز ووکیشنل اپٹی ٹیوڈ بیٹری

اے ٹی (AT)- معاون ٹیکنالوجی- کم- یا زیادہ ٹیک والے آلات (جیسے سوئچز یا کمپیوٹر سافٹ ویئر) جس کی مدد سے لوگ مواصلات کرتے ہیں یا تفویض کردہ کام مکمل کرتے ہیں

بی ایچ اے (BHA)- بیہیوریل ہیلتھ اڈمنسٹریشن

سی سی ایس (CCS)- کوآرڈینیٹر برائے کمیونٹی سروسز

سی آئی ایل (CIL)- مراکز برائے آزاد طرز زندگی

کمیونٹی پر مبنی خدمات اس کمیونٹی میں فراہم کی جاتی ہے جہاں معذور یا غیر معذور افراد کام کرتے ہیں، رہتے ہیں اور اپنے فرصت کے لمحات گزارتے ہیں، بنام علاحدہ ترتیبات جہاں ایک خاص ترتیب میں موجود تمام افراد معذور ہوتے ہیں

مسابقتی ملازمت- سماج ملی ایسی پیشہ ورانہ ملازمت جس کے لئے اضافی مدد کی ضرورت نہیں پڑتی ہے

سی آر پی (CRP)– کمیونٹی باز آباد کاری شراکت دار (بالغوں کیلئے مخصوص نظام میں موجود وہ وینڈرز جو معذور افراد کو خدمات اور امداد فراہم کرسکتے ہیں، اگر انہیں اہل پایا گیا)۔

ڈی ڈی اے (DDA)– ارتقائی معذوری انتظامیہ

ڈی او آر ایس (DORS)– بازآباد کاری خدمات کا شعبہ

ڈی ایل ایل آر (DLLR)– شعبہ مزدور، لائسنس اور ریگولیشن

ڈی ایس ایس (DSS)– شعبۂ سماجی خدماتاہل- مخصوص تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے خدمات کے اہل بننا چاہئے

استحقاق – خدمات کی ضمانت

سرپرستی – وہ عدالتی کارروائی جو جو کسی فریق ثالث کو اہم علمی معذوری والے بالغ افراد کو فیصلہ سازی کا اختیارات دیتا ہے (جیسے والدین کو اپنے بچوں کے مالیاتی امور پر فیصلہ لینا کی ضمانت دیتا ہے۔)

آئی ڈی ای اے (IDEA) – منفرد معذوروں کیلئے تعلیمی ایکٹ- ایک وفاقی قانونی جس کے تحت خصوصی تعلیم چلائے جاتے ہیں

آئی ای پی (IEP)- منفرد تعلیمی پروگرام

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

انٹریسٹ انوینٹریز – زبانی، تحریری یا کمپیوٹر مشقیں جو کسی شخص کو یہ شناخت کرنے میں مدد کرتی ہے کہ کس قسم کا ان کیلئے مناسب رہے گا، یا کس طرح کی چیزیں وہ کرنا چاہیں گے اور ایسی سرگرمیاں جس میں وہ حصہ لینا چاہیں گے۔

آئی پی ای (IPE)– منفرد منصوبہ برائے ملازمت

ایم اے (MA)- طبی امداد

ایم ٹی اے (MTA)– میری لینڈ ٹرانزٹ انتظامیہ

پری- ای ٹی ایس (Pre-ETS)- ورک فورک اینویشن اینڈ اپارچنٹی ایکٹ (ڈبلو آئی او اے) (WIOA) کے تحت پری امپلائمنٹ ٹرانزشن سروسز

خود کی وکالت- اپنےلئے ضروری خدمات حاصل کرنے کا عمل

خود ساختہ تعین- ایسا طریقہ کار جس میں منفرد اشخاص کی ترجیحات، دلچسپی، اہلیت، اور تمنائیں منصوبہ بندی اور سرگرمیوں کے نفاذ میں توجہ کا مرکز ہوتی ہیں۔

ایس جی اے (SGA)- خاطر خواہ فائدہ مند سرگرمی

ایس ایس اے (SSA)- معاشرتی سیکیورٹی انتظامیہ

ایس ایس ڈی آئی (SSDI)– معاشرتی سیکیورٹی معذوری بیمہ

ایس ایس آئی (SSI)– ضمنی سیکیورٹی کی آمدنی

وی آر (VR)- پیشہ ورانہ باز آباد کاری

ڈبلو آئی او اے (WIOA)- ورک فورس اینویشن اینڈ اپارچنٹی ایکٹ

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

# ضمیمہ ز

## منتقلی کا طریقہ: ایجنسی سے تعلق

معذور طلباء کو ملازمت، مابعد ثانوی تعلیم، ٹریننگ، اور آزاد رہائش (وقت کی مناسبت سے) کے دوران اپنے مابعد ثانوی اہداف کے حصول میں بلوغتی امور سے جڑی خدمات کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ نتیجہ کے طور پر طلباء اور اہل خانہ کو اسکول چھوڑنے سے پہلے درست تعلقات قائم کرنے کی ضرورت ہوگی تاکہ سروس میں کسی طرح کا نقص نہ رہے۔ آپ کی اجازت سے اسکول کا ایک نمائندہ طالب علم کا مناسب ایجنسیوں سے تعلق استوار کرنے میں مدد کرے گا۔ یہ طالب علم اور اہل خانہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ درخواست کے پروسیس کو مکمل کرے تاکہ اہل پائے جانے پر ضروری خدمات کے حصولیابی کو یقینی بنایا جائے۔

ثانوی منتقلی منصوبہ بندی رہنما کتابچہ معذور لوگوں کو ممکنہ بلوغتی امور سے متعلق خدمات پر معلومات فراہم کرتا ہے۔ رہنما کتابچہ میں ایجنسی کی اہلیت کا زمرہ اور مخصوص ربط کی کارروائی سے متعلق معلومات شامل ہے۔ یہ معلومات آپ کو اور آپ کے بچہ کو منتقلی کا عمل شروع کرنے اور بلوغتی امور سے متعلق ربط پیدا کرنے میں مدد کرے گی۔

ثانوی منتقلی منصوبہ بندی رہنما کتابچہ برائے معذور افراد کا جائزہ مناسب ایجنسی سے ربط کا عمل پہلا قدم ہے۔ رہنما کتابچہ امداد کیلئے درست ایجنسی منتخب کرنے کیلئے مطلوبہ معلومات فراہم کرتا ہے۔ آپ کے طالبعلم کا عملہ درخواست کی کارروائی سے متعلق مقامی رابطہ سے متعلق معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

ثانوی منتقلی منصوبہ بندی رہنما کتابچہ برائے معذور افراد کی رسید ایڈلٹ سروسز ایجنسیوں کے ساتھ ربط کا آغاز ہے۔ اس رہنما کتابچہ کی تقسیم منتقلی منصوبہ بندی کے عمل کا حصہ ہے اور اس فارم پر آپ کا دستخط اس بات کی توثیق کرے گا کہ آپ نے رہنما کتابچہ موصول کر لیا ہے۔

طالب علم کا نام:

تاریخ:

مقامی اسکول کا نظام:

طالب علم کا دستخط:

والدین کے دستخط:

©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

## میری لینڈ میں ثانوی منتقلی منصوبہ بندی کے بارے میں مزید معلومات کیلئے:

**میری لینڈ ریاستی ثانوی منتقلی ٹیم سے رابطہ کریں۔۔**


میری لینڈ ریاستی شعبہ تعلیم Maryland State Department of Education
Division of Early Intervention and Special Education Services
ابتدائی شفاعت اور خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن
200 West Baltimore Street
Baltimore, Maryland 21201
فون: 410-767-0244
فیکس: 410333-8165




©میری لینڈ ریاستی شعبہ برائے تعلیم، ابتدائی شفاعت و خصوصی تعلیمی خدمات کا ڈویژن

میری لینڈ ریاستی شعبہ تعلیم

نظر ثانی شدہ اپریل 2020